انشاءاللہ خاں انشا

کہانی رانی کیتکی

اور

اودے بھان کی

ترتیب وتدوین

محمد اکرام چغتائی

کہانی رانی کیتکی اور اودھے بھان کی

از

انشا اللہ خاں انشا

ترتیب وتدوین

محمد اکرام چغتائی

سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

[یہ وہ کہانی ہے جس میں ہندوی چھٹ
کسی اور بولی کا نہ میل ہے نہ پُٹ]

سر جھکا کر ناک رگڑتا ہوں، اوس اپنے بنانے والے کے سامنے، جس نے ہم سب کو بنایا اور بات کی بات میں وہ سب کر دکھایا، جس کا بھید کسی نے نہ پایا۔

[دوہا، اپنی بولی کا]

آتیاں جاتیاں جو سانسیں ہیں
اوس کے بن دھیان یہ سب پھانسیں ہیں

یہ کل کا پُتلا جو اپنے اوس کھلاڑی کی سُدھ رکھے، تو کھٹائی میں کیوں پڑے؟ اور کڑوا کسیلا کیوں ہو؟ اوس پھل کی مٹھائی چکھے، جو بڑوں سے بڑائی اگلوں نے چکھی ہے۔

دیکھنے کو آنکھیں دیں اور سننے کو یہ کان دیئے۔ ناک بھی اونچی سب میں کر دی۔ مورتوں کی جی دان دیئے۔ مٹی کے باسن کو اتنی سکت کہاں، جو اپنے کمہار کے کرتب کچھ بتا سکے۔ سچ ہے، جو بنایا ہوا ہو، سو اپنے بنانے والے کو کیا سراہے اور کیا کہے؟ یوں جس کا جی چاہے، پڑا بکے۔ سر سے لگا پاؤں تک جتنے رونگٹے ہیں، جو سب کے سب بول اٹھیں اور سراہا کریں اور اتنے برسوں اسی دھیان میں رہیں جتنی ساری ندیوں میں ریت اور پھول پھلیاں کھیت میں ہیں، تو بھی کچھ نہ ہو سکے۔ [کراہا کریں]

اس سر جھکانے کے ساتھ ہی دن رات جپتا ہوں اوس داتا کے بھیجے ہوئے پیارے کو، جس کے لیے یوں کہا ہے: ''جو تم نہ ہوتا، میں کچھ نہ بناتا'' اور اوس کا چچیرا بھائی، جس کا بیاہ اوسی کے گھر ہوا، اوسی کی سُرت مجھے لگی رہی ہے۔ میں پھولا اپنے آپ میں نہیں سماتا اور جتنے اون کے لڑکے بالے ہیں اونہیں کے یہاں پر چاؤ ہے۔ اور کوئی ہو، کچھ میرے جی کو نہیں بھاتا۔ مجھے اس گھرانے کے چھٹ کسی بے بھاگ، اوچک، چور، ٹھگ سے کیا پڑی؟ جیتے مرتے

اونہیں سبھوں کا آسرا اور اون کے گھرانے کا رکھتا ہوں۔ تیسوں گھڑی۔

ڈول ڈال ایک انوکھی بات کا

ایک دن بیٹھے بیٹھے یہ بات اپنے دھیان میں چڑھ آئی، کوئی کہانی ایسے کہیے جس میں ہندوی کی چُھٹ اور کسی بول سے نپٹ نہ ملے۔ تب جا کے میرا جی پھول کی کلی کے روپ سے کھلے۔ باہر کے بول اور گنواری کچھ اوس کے بیچ نہ ہو۔ اپنے سننے والوں میں سے ایک کوئی بڑے پڑھے لکھے، پرانے دھرانے، بوڑھے گھاگ یہ کھٹ راگ لائے۔ سر ہلا کر، مونہہ بنا کر، ناک بھوں چڑھا کر، آنکھیں پھرا کر، لگے کہنے: ''یہ بات ہوتی دکھائی نہیں دیتی۔ ہندوی پن بھی نہ نکلے اور بھاکھا پن نہ کھوس جائے، جیسے بھلے لوگ اچھوں سے اچھے آپس میں بولتے چالتے ہیں، جوں کا توں وہی ڈول رہے اور چھانہہ کسی کی نہ پڑے۔ یہ نہیں ہونے کا۔''

میں نے اون کی ٹھنڈی سانس کی پھانس کا ٹہوکا کھا کر جھنجلا کر کہا:

''میں کچھ ایسا انوکا بولا نہیں، جو رائی کو پربت کر دکھاؤں اور جھوٹ سچ بول کے انگلیاں نچاؤں اور بے سُری، بے ٹھکانے کی اولجھی سلجھی باتیں سنجاؤں۔ جو مجھ سے نہ ہوسکتا، تو بھلا یہ بات مونہہ سے کیوں نکالتا؟ جس ڈھب سے ہوتا، اس بکھیڑے کو ٹالتا۔''

اس کہانی کا کہنے والا یہاں آپ کو جتاتا ہے اور جیسا کچھ لوگ اوسے پکارتے ہیں کہہ سناتا ہے۔ دہنا ہاتھ مونہہ پر پھیر کر آپ کو جتاتا ہوں، جو میرے داتا نے چاہا تو وہ تاؤ بھاؤ اور آؤ جاؤ اور کود پھاند اور لپٹ اور جھپٹ دکھاؤں جو دیکھتے ہی آپ کے دھیان کا گھوڑا، جو بجلی سے بھی بہت چنچل، اچھلاہٹ میں ہرنوں کے روپ میں، اپنی چوکڑی بھول جائے۔

گھوڑے پر اپنے چڑھ کے آتا ہوں مَیں
کرتب جو ہیں، سو سب دکھاتا ہوں مَیں
اوس چاہنے والے نے جو چاہا، تو ابھی
کہتا جو کچھ ہوں، کر دکھاتا ہوں مَیں

اب آپ کا کان رکھ کے، سمجھ ہو کے ٹک اِدھر دیکھیے، کس ڈھب سے بڑھ چلتا ہوں اور اپنے ان پھول کی پنکھڑی جیسے ہونٹوں سے کس روپ کے پھول اوگلتا ہوں۔

کہانی کا نو بہار اور بول چال کی دولہن کا سنگار

کسی دیس میں کسی راجہ کے گھر ایک بیٹا تھا۔ اوسے اوس کے ماں باپ اور سب کے گھر کے لوگ کنور اودے بھان کر کے پکارتے تھے۔ سچ مچ اوس کے جوبن کی جوت میں سورج کی ایک سوت آ ملی تھی۔ اوس کا اچھاپن اور بھلا لگنا کچھ ایسا نہ تھا جو کسی کے لکھنے اور کہنے میں آ سکے۔ پندرہ برس بھر کے سولہویں میں پانو رکھا تھا۔ کچھ یونہیں سی اوس کی مسیں بھیگتی چلی تھیں۔ اکڑ مکڑ اوس میں بہت سی سما رہی تھی۔ کسی کو کچھ نہ سمجھتا تھا۔ پر کسی بات کی سوچ کا گھر گھاٹ پایا نہ تھا اور چاؤ کی ندی کا پاٹ اون نے دیکھا نہ تھا۔

ایک دن ہریالی دیکھنے کو اپنے گھوڑے پر چڑھ کے اٹھکھیل پنے اور لڑک پن کے ساتھ دیکھتا بھالتا چلا جاتا تھا۔ اتنے میں ایک ہرنی جو اوس کے سامنے آئی، تو اوس کا جی لوٹ پوٹ ہوا۔ اوس ہرنی کے پیچھے سب کو چھوڑ چھاڑ کر گھوڑا پھینکا۔ کوئی گھوڑا اوس کو پا سکتا تھا؟ جب سورج چھپ گیا اور ہرنی آنکھوں سے اوجھل ہوئی، تب تو یہ کنور اودے بھان بھوکھا، پیاسا اور اوداسا جامائیاں اور انگڑائیاں لیتا ہکا بکا ہو کے آسرا ڈھونڈھنے۔ اتنے میں کچھ امریاں دھیان چڑھیں۔ اودھر چل نکلا تو کیا دیکھتا ہے چالیس پچاس رنڈیاں، ایک سے ایک جوبن میں اگلی، جھولا ڈالے ہوئے پڑی جھول رہی ہیں اور ساون گاتیاں ہیں۔ جو اونھوں نے اوس کو دیکھا ''تو کون تو کون'' کر چنگھاڑسی پڑ گئی۔ اون سبھوں میں ایک کے ساتھ اوس کی آنکھ لڑ گئی۔

دوہا

کوئی کہتی تھی یہ اچکا ہے
کوئی تھی کہتی ایک پکا ہے

وہی تو جھولنے والی لال جوڑا پہنے ہوئے، جس کو سب رانی کیتکی کہتے تھے، اوس کے بھی جی میں اوس کی چاہ نے گھر کیا۔ پر کہنے سننے کو بہت سی ناہ نوہ کی۔ ''اس لگ چلنے کو بھلا کیا کہتے ہیں؟ یک نہ یک جو تم جھٹ سے ٹپک پڑے۔ یہ جانا جو یہاں رنڈیاں اپنی جھول رہی ہیں۔ اجی تم! جو اس روپ کے ساتھ بے دھڑک چلے آئے ہو، ٹھنڈی ٹھنڈی چھانہہ چلے جاؤ۔''

تب انہوں نے مسوس کے ملولا کھا کے کہا کہ

''اتنی رُکھائیاں نہ دیجئے۔ میں سارے دن کا تھکا ہوا ایک پیڑ کی چھانہہ میں اوس کا بچاؤ کر کے پڑ رہوں گا۔ بڑے تڑکے دھوند لکے اوٹھ کر جدھر کو مونہہ پڑے گا، چلا جاؤں گا۔ کسی کا لیتا دیتا نہیں۔ ایک ہرنی کے پیچھے سب

لوگوں کو چھوڑ کر گھوڑا پھینکا تھا۔ جب تلک اوچالا رہا، اوسی کے دھیان میں تھا۔ جب اندھیرا چھا گیا اور جی بہت گھبرا گیا، ان امریوں کا آسرا ڈھونڈھ کر یہاں چلا آیا ہوں۔ کچھ روک ٹوک تو نہ تھی جو ماتھا ٹھنک جاتا اور رک رہتا۔ سر اوٹھائے ہانپتا ہوا چلا آیا۔ کیا جانتا تھا پدمنیاں پڑی جھولتی پینگیں چڑھا رہی ہیں۔ پر یُوں بدی تھی۔ برسوں میں بھی تو جھولا کروں گا۔"

یہ بات سن کر جو لال جوڑے والی سب کی سردھری تھی، اون نے کہا:

"ہاں جی! بولیاں ٹھولیاں نہ مارو۔ ان کو کہہ دو جہاں جی چاہے اپنے پڑ رہیں اور جو کچھ کھانے پینے کو مانگیں انہیں پہونچا دو۔ گھر آئے کو کسی نے آج تک مار نہیں ڈالا۔ مونہہ کا ڈول، گال تمتمائے اور ہونٹھ پیرائے اور گھوڑے کا ہانپنا اور جی کا کانپنا اور گھبراہٹ اور تھرتھراہٹ اور ٹھنڈی سانسیں بھرنا اور نڈھال ہو کر گرے پڑنا ان کو سچا کرتا ہے۔ بات بنی ہوئی اَن بچوٹی کی کوئی چھپتی ہے؟ پر ہمارے اور اون کے بیچ میں کچھ اوٹ سی کپڑے لتے کی کر دو۔"

اتنا آسرا پاکے سب سے پرے کونے میں جو پانچ سات چھوٹے چھوٹے پودے سے تھے، اون کی چھانہہ میں کنور اودے بھان نے اپنا بچھونا کیا۔ سرہانے ہاتھ دھر کے چاہتا تھا سو رہے، پر نیند کوئی چاہت کی لگاوٹ میں آتی تھی؟ پڑا پڑا اپنے جی سے باتیں کر رہا تھا۔ اتنے میں کیا ہوتا ہے جو رات سائیں سائیں بولنے لگتی ہے اور ساتھ والیاں سب سو رہتی ہیں۔ رانی کیتکی اپنی سہیلی مدن بان کو جگا کر یوں کہتی ہے:

"اری! او تو نے کچھ سنا ہے؟ میرا جی اس پر آ گیا اور کسی ڈول سے نہیں تھم سکتا۔ تُو سب میرے بھیدوں کو جانتی ہے۔ اب جو ہونی ہو، سو ہو۔ سر رہتا رہے یا جاتا جائے، میں اوس کے پاس جاتی ہوں۔ تُو میرے ساتھ چل۔ پر تیرے پانو پڑتی ہوں۔ کوئی سننے نہ پائے۔ اری! یہ میرا جوڑا میرے اور اوس کے بنانے والے نے ملا دیا۔ میں اسی لیے، جیسے ان امریوں میں آئی تھی۔"

کیتکی مدن بان کے ہاتھ پکڑے وہاں آن پہونچتی ہے، جہاں کنور اودے بھان لیٹے ہوئے کچھ سوچ میں پڑے بڑبڑا رہے تھے۔ مدن بان آگے بڑھ کر کہنے لگی: "تمہیں اکیلا جان کے رانی آپ آئی ہیں۔" کنور اودے بھان یہ سن کے اٹھ بیٹھے اور یہ کہا کہ "کیوں نہ ہو۔ جی سے جی کو ملاپ ہے۔" کنور اور رانی دونو چپ چاپ بیٹھے تھے۔ پر مدن بان دونو کے بدن گدگدا رہی تھی۔ ہوتے ہوتے اپنے اپنے پتے سب نے کھولے۔ رانی کا پتّا یہ کھلا: "راجہ جگت پرکاس کی بیٹی ہیں اور اون کی رانی کام لتا کہلاتی ہیں۔ ایک مہینے پیچھے ماں باپ نے ان کے کہہ دیا ہے امریوں میں جا کر جھول آیا کرو۔ آج وہی دن تھا سو تم سے مُٹ بھیڑ ہو گئی۔ بہت مہاراجوں کنوروں کی باتیں آئیاں، پر کسی پر ان کا دھیان نہ چڑھا۔ تمہارے دھن بھاگ، جو تمہارے پاس سب سے چھپ کے مَیں جو ان کی لڑکپن کی گوئیاں ہوں' مجھے اپنے ساتھ لے کے آئیں ہیں۔ آپ ہی تم کہانی کہو جو تم کس دیس کے کون ہو؟"

انہوں نے کہا: ''میرا باپ راجہ سورج بھان اور ماں رانی لچھمی باس ہے۔ آپس میں جو گٹھ جوڑا ہو جائے تو انوکھی، اچرج اور اچنبھے کی بات نہیں۔ یوہیں آگے سے ہوتا چلا آیا ہے۔ جیسا مونہہ ویسی تھپیڑ۔ جوڑ توڑ ٹول لیتے ہیں۔ دونو مہاراجوں کو یہ چیت چاہی بات اچھی لگے گی۔ پر ہم تم دونو کے جی کا گٹھ جوڑا چاہیے۔''

اس میں مدن بان بول اوٹھی:

''سو تو ہوا۔ اپنی اپنی انگوٹھیاں ہیر پھیر کرلو اور آپس میں لکھوٹی ابھی لکھ دو۔ پھر کچھ ہچڑ پچڑ نہ رہے۔''

کنور اودے بھان نے اپنی انگوٹھی رانی کیتکی کو پہنا دی اور رانی کیتکی نے انگوٹھی کنور کی انگلی میں ڈال دی اور ایک دھیمی سی چٹکی بھی لے لی۔

اس میں مدن بان بول اوٹھی: ''جو سچ پوچھو تو اتنی بھی بہت ہوئی۔ اتنا بھر چلنا اچھا نہیں۔ میرے سر چوٹ ہے۔ اب اوٹھ چلو اور ان کو سونے دو اور روئیں پڑے رونے۔''

وہ بات جب ٹھیک ٹھاک ہو چکی تھی، پچھلے پہر سے رانی تو اپنی سہیلیوں کو لے کے جدھر سے آئی تھی، اودھر چلی گئی اور کنور اودے بھان اپنے گھوڑے کی پیٹھ لگ کر لوگوں سے مل کر اپنے گھر پہونچے۔

کنور جی کا روپ کیا کہوں۔ کچھ کہنے میں نہیں آتا۔ کھانا، نہ پینا، نہ لگ چلنا، کسی سے کچھ نہ کہنا نہ سننا۔ جس دھیان میں تھے، اوسی میں گوتھے رہنا۔ گھڑی گھڑی کچھ کچھ سوچ سوچ سر دُھننا۔

ہوتے ہوتے اس بات کا لوگوں میں چرچا پھیل گیا۔ کسی کسی نے مہاراج اور مہارانی سے کہا:

''کچھ دال میں کالا ہے۔ وہ کنور اودے بھان جن سے تمہارے گھر کا اوجالا ہے، ان دنوں کچھ اوس کے برے تیور اور بے ڈول آنکھیں دکھائی دیتی ہیں۔ گھر سے باہر تو پانو نہیں دھرتا۔ گھر والیاں جو کسی ڈول سے بہلاتی ہیں تو اور کچھ نہیں کرتا ایک اونچی سانس لیتا ہے۔ اور بہت کسی نے چھیڑا تو چھپر کھٹ پر جا کے اپنا مونہہ لپیٹ کے آٹھ آٹھ آنسو پڑا روتا ہے۔''

یہ سنتے ہی ماں باپ کنور کے پاس دوڑے آئے۔ گلے لگایا، مونہہ چوما، پانو پر بیٹے کے گر پڑے، ہاتھ جوڑے اور کہا:

''جی کی بات ہے سو کہتے کیوں نہیں؟ کیا دکھ پڑا ہے، جو پڑے پڑے کراہتے ہو؟ راج پاٹ جس کو چاہو دے ڈالو۔ کہو تم کیا چاہتے ہو؟ تمہارا جی کیوں نہیں لگتا؟ بھلا وہ ہے کیا جو ہو نہیں سکتا۔ مونہہ سے بولو، جی کھولو، جو کہنے میں کچھ سوچتے ہو ابھی لکھ بھیجو۔ جو کچھ لکھو گے، جوں کی توں وہیں کر تمہیں دے جاویں گے۔ جو تم کہو کنویں میں گر پڑو، تو ہم دونو ابھی گر پڑتے ہیں۔ جو کہو سر کاٹ ڈالو، تو ابھی سر کاٹ ڈالتے ہیں۔''

کنور اودے بھان جو وہ بولتے ہی نہ تھے، اونہوں نے لکھ بھیجنے کا آسرا پا کے اتنا بولے:

''اچھا آپ سدھاریئے۔ ہاں میں لکھ بھیجتا ہوں۔ پر میرے اوس لکھ بھیجنے کو میرے مونہہ پر کسی ڈھب سے نہ لانا۔ نہیں تو میں شرماؤں گا۔ اسی لیے مُکھ بات ہو کے میں نے کچھ نہ کہا۔''

اور یہ لکھ بھیجا:

''اب جو میرا جی ناک میں آ گیا اور سَن ڈھب نہ رہا گیا اور آپ نے مجھے سو سو روپ سے کھولا اور بہت سا ٹٹولا، تب تو لاج چھوڑ کے ہاتھ جوڑ کے مونہہ کو پھوڑ کے گھگھیا کے یہ لکھتا ہوں

جگ میں چاہ کے ہاتھوں کسی کو سکھ نہیں

ہے بھلا وہ کون جس کو دکھ نہیں

وہ اوس دن جو میں ہریالی دیکھنے کو گیا تھا، وہاں جو میرے سامنے ایک ہرنی کنوتیاں اوٹھائے ہوئے ہولی تھی، اوس کے پیچھے مَیں نے گھوڑا ایک چھٹ پھینکا۔ جب تک اوجالا رہا اوسی کی دھن میں پھینکا کیا۔ جب اندھیرا ہو گیا اور سورج ڈوبا، جی میرا بہت اوداس ہوا۔ امریاں تاک کے میں اون میں گیا، تو اون امریوں کا پتا پتا میرے جی کا گاہک ہوا۔ وہاں کا یہ شغلا ہے۔ کچھ رنڈیاں جھولا جھول رہی تھیں۔ اون سب کی سر دھری کوئی رانی کیتکی، مہاراج جگت پرکاس کی بیٹی ہے۔ اونہوں نے یہ انگوٹھی اپنی مجھے دی اور میری انگوٹھی اونہوں نے لی اور لکھاوٹ بھی لکھ دی۔ سو یہ انگوٹھی اون کی لکھاوٹ سمیت میرے لکھے ہوئے کے ساتھ پہونچتی ہے۔ آپ دیکھ لیجئے اور جس میں بیٹے کا جی رہ جائے، وہ کیجئے۔''

مہاراج اور مہارانی اوس بیٹے کے لکھے ہوئے آنے سے یوں لکھتے ہیں:

''ہم دونو نے اوس انگوٹھی اور لکھاوٹ کو اپنی آنکھوں سے ملا۔ اب تم کچھ کڑھو مت۔ رانی کیتکی کے ماں باپ تمہاری بات مانتے ہیں تو ہمارے سمدھی اور سمدھن ہیں۔ دونو راج ایک جاگہ ہو جائیں گے اور جو کچھ نانوہ کی ٹھہرے گی، تو جس ڈول سے بن آوے گا، ڈھال تلوار کے بل تمہاری دولہن ہم تم سے ملا دیں گے۔ آج سے اوداس مت رہا کرو۔ کھیلو، کودو، بولو چالو، آنندیں کرو۔ اچھی گھڑی سبھ مہورت سوچ کے تمہارے سسرال میں کسی بامہن کو بھیجتے ہیں، جو بات چیت چاہیے ٹھیک کرلاوے۔''

بامہن جو سبھ گھڑی دیکھ کر ہڑبڑائی سے گیا تھا، اس پر بڑی کڑی پڑی۔ سنتے ہی رانی کیتکی کے باپ نے کہا:

''اون کے ہمارے ناتا نہیں ہونے کا۔ اون کے باپ دادے ہمارے باپ دادوں کے آگے سدا ہاتھ جوڑ کے باتیں کرتے تھے اور جو تنک تیوری چڑھی دیکھتے تھے، بہت ڈرتے تھے۔ کیا ہوا جو اب وہ بڑھ گئے اور اونچے پر چڑھ گئے۔ جس کے ماتھے ہم بائیں انگوٹھے سے ٹیکا لگا دیں، وہ مہاراجوں کا راجہ ہو جائے۔ کس کا مونہہ جو یہ بات ہمارے

مونہہ پر لاوے۔''

بامہن نے جل بھن کے کہا:

''اگلے بھی اسی بچار میں تھے اور بھری سبھا میں یہی کہتے تھے ہم میں اون میں کچھ کھونٹ کی میل تو نہیں ہے، پر کنور کی ہٹ سے کچھ ہماری نہیں چلتی، نہیں تو ایسی اوچھی بات کب ہمارے مونہہ سے نکلتی؟''

یہ سنتے ہی مہاراج نے بامہن کے سر پر پھولوں کی چھڑی پھینک ماری اور کہا:

''جو بامہن کی ہتیا کا دھڑکا نہ ہوتا تو تجھ کو ابھی چکی میں دلوا ڈالتا۔ اوس کو لے جاؤ اور ایک اندھیری کوٹھری میں موندر کھو۔''

جو اس بامہن پر بیتی، سو سب کنور اودے بھان کے ماں باپ نے سنتے ہی لڑن کی ٹھان، اپنے ٹھاٹھ باندھ کر، دَل بادل جیسے گھر آتے ہیں، چڑھ آیا۔ جب دونو مہاراجوں میں لڑائی ہونے لگی، رانی کیتکی ساون بھادوں کے روپ سے رونے لگی اور دونو کے جی پر یہ آ گئی۔

''یہ کیسی چاہت ہے، جس میں لوہو برسنے لگا اور اچھی باتوں کو جی ترسنے لگا۔''

کنور نے چپکے سے یہ لکھ بھیجا:

''اب میرا کلیجا ٹکڑے ٹکڑے ہوا جاتا ہے۔ دونو مہاراجوں کو آپس میں لڑنے دو۔ کسی ڈول سے جو ہو سکے تو تم مجھے اپنے پاس بلا لو۔ ہم تم دونو مل کے کسی اور دیس کو نکل چلیں۔ جو ہونی ہو، سو ہو۔''

ایک مالن جس کو پھول کلی کر پکارتے تھے، اون نے اوس کنور کی چٹھی کسی پھول کی پنکھڑی میں لپیٹ سپیٹ کر رانی کیتکی تک پہونچا دی۔ رانی نے اوس چٹھی سے آنکھیں اپنی ملیں اور مالن کو ایک تھال بھر کے موتی دیئے اور چٹھی کی پیٹھ پر اپنے مونہہ کی پیک سے یہ لکھا:

''اے میرے جی کے گاہک! جو تو مجھے بوٹی بوٹی کر چیل کوے کو دے ڈالے تو بھی میری آنکھیں چین اور کلیجہ سکھ ہووے، پر یہ بات بھاگ چلنے کی اچھی نہیں۔ ڈول سے بیٹا بیٹی کے باہر ہے۔ جی تجھ سے پیارا نہیں۔ ایک تو کیا جو کروڑ جی جاتے رہیں، پر بھاگنے کی کوئی بات ہمیں تو اچھی نہیں۔''

یہ چٹھی پیک بھری جو کنور تک جا پہنچتی ہے، وہ کئی ایک سونے کے ہیرے موتی پکھراج کے کھچا کھچ بھرے ہوئے تھال نچھاور کر کے لٹا دیتا ہے اور چھٹی سے اوس کی بے کلی چوگنی پچگنی ہو جاتی ہے۔ اوس چٹھی کو اپنے گورے ڈنڈ پر باندھ لیتا ہے۔

آنا جوگی مہندر گر کا کیلاس پہاڑ سے اور ہرن ہرنی کر ڈالنا کنور اودے بھان اور اوس کے ماں باپ کا

جگت پرکاس اپنے گرو کو جو کیلاس پہاڑ پر رہتا تھا، یوں لکھ بھیجتا ہے:

''کچھ ہماری سہائے کیجئے۔ مہا کٹھن ہم بپتا ماروں کو پڑی ہے۔ راجہ سورج بھان کو اب یہاں تک باؤ بھک نے لیا ہے جو انہوں نے ہم سے مہاراجوں سے ناتے کا ڈول کیا ہے۔''

کیلاس پہاڑ اک ڈال چاندی کا ہے۔ اوس پر راجہ جگت پرکاس کا گرو مہندر گر، جس کو اندر لوگ سب کہتے تھے، دھیان گیان میں کوئی نوے لاکھ اتیتوں کے ساتھ ٹھاکر کے بھجن میں دن رات رہا کرتا۔ سونا، روپا، تانبے، رانگے کا بناتا اور گٹکا مونہہ میں لے کے اوڑتا۔ ورے رہے، اوس کو اور باتیں اِس اِس ڈھب کی دھیان میں تھیں جو کچھ کہنے اور سننے سے باہر ہیں۔ مینہ سونے روپے کا برسا دیتا اور جس روپ میں چاہتا، ہو جاتا۔ سب کچھ اوس کے آگے ایک کھیل تھا۔ اور گانے میں اور بین بجانے میں مہادیو جی چھٹ، سب اوس کے آگے کان پکڑتے تھے۔ سُرستی جس کو پنڈو کہتے ہیں، اون نے بھی اسی سے کچھ کچھ گنگنانا سیکھا تھا۔ اوس کے سامنے چھ راگ، چھتیس راگنیاں، آٹھ پہر روپ مدھوں کا سادھرے ہوئے، اوس کی سیوا میں ہاتھ جوڑے کھڑی رہتی تھیں۔ وہاں اتیتوں کو یہ کہہ کر پکارتے تھے۔ بھیروں گر، بھبھاس گر، ہنڈولی گر، میگھ ناتھ، کدار ناتھ، دیپک داس، جوتی سروپ، داس سارنگ روپ اور اتیاں اس ڈھب سے کہلاتی تھیں:

گوجری، ساوری، گوری، مالسری، بلاول۔ جب چاہتا تھا، اُدھر میں سنگاسن پر بیٹھ اوڑائے پھرتا تھا اور نوے لاکھ اتیت گٹکے اپنے اپنے مونہہ لئے ہوئے گیروے بسترے پہنے جٹا بکھیر اوس کے ساتھ ہوتے تھے۔ جس گھڑی راجہ جگت پرکاس کی چٹھی ایک بھگوّلے پہنچتا ہے، جوگی مہندر گر ایک چنگھاڑ مار کر دَل بادلوں کو تہلکا دیتا ہے۔ بگھمبر رتھ بھبوت اپنے مونہہ کو مل کچھ کچھ پڑھنت کرتا ہوا باؤ کے گھوڑی کی پیٹھ پر لاگا اور سب اتیت مرگ چھالوں پر بیٹھے ہوئے مونہہ میں لئے ہوئے بول اوٹھے:

''گورکھ جاگا۔''

ایک آنکھ کی جھپک میں وہاں آن پہنچتا ہے، جہاں دونو مہاراجوں میں لڑائی ہو رہی تھی۔ پہلے تو ایک کالی آندھی آئی، پھر اولے برسے، پھر اک آندھی آئی۔ کسی کو اپنی سُدھ نہ رہی۔ ہاتھی، گھوڑے اور جتنے لوگ اور بھیڑ بھاڑ راجہ سورج بھان کی تھی، کچھ نہ سمجھا گیا کدھر گئی۔ اونہیں کون اٹھالے گیا اور راجہ جگت پرکاس کے لوگوں پر اور رانی کیتکی جی کے لوگوں پر کیوڑے کی بوندوں کی ننھی ننھی پھُہارسی پڑنے لگی۔ جب یہ سب کچھ ہو چکا تو گرو نے اپنے اتیتوں سے کہہ دیا:

''اودے بھان، سورج بھان، لچھمی باس ان تینوں کو ہرن ہرنی بنا کے کسی بَن میں چھوڑ دو اور جو ان کے ساتھی ہوں، اون سبھوں کو توڑ پھوڑ دو۔''

جیسا کچھ گرو جی نے کہا جھٹ پٹ وو ہیں کیا۔ بِپَت کا مارا کنور اودے بھان جی اور اوس کا باپ مہاراجہ سورج بھان جی اور اوس کی ماں مہارانی لچھمی باس ہرن ہرنی بن، بن کے ہری ہری گھاس کئی برس تک چگتے رہے اور اوس بھیڑ بھڑ کے کا کچھ تھل بیڑا نہ ملا جو کدھر گئے اور کہاں۔ یہاں رہنے دو۔ پھر سینیے۔

اب رانی کیتکی کے باپ اور مہاراجہ جگت پرکاس کی سینیے۔ اون کے گھر کا گھر گرو جی کے پانو پر گرا اور سب نے سر جھکا کر کہا:

''مہاراج! یہ آپ نے بڑا کام کیا ہم سب کو رکھ لیا۔ جو آج آپ آنہ پہنچتے تو کیا رہا تھا۔ سب نے مر مٹنے کی ٹھان لی تھی۔ ان پاپیوں سے کچھ نہ چلے گی۔ یہ جان لی تھی راج پاٹ سب ہمارا نچھاور کر کے جس کو چاہیے دے ڈالیے۔ ہم سب کو اتیت بنا کے اپنے ساتھ لیجئے۔ راج ہم سے نہیں تھمتا۔ سورج بھان کے ہاتھ سے آپ نے بچایا۔ اب کوئی ان کا چچا چندر بھان چڑھ آوے گا تو کیونکر بچنا ہو گا۔ اتنی آپ میں تو سکت نہیں۔ پھر ایسے راج کا چھٹے منہہ۔ کہاں تک آپ کو ستایا کریں۔''

یہ سن کے جوگی مہندر گر نے کہا:

''تم سب ہمارے بیٹا بیٹی ہو۔ آنندیں کرو۔ بناؤ سکھ چین سے ایسا وہ کون ہے جو تمہیں آنکھ بھر اور ڈھب سے دیکھ سکے۔ یہ بگھمبر اور بھبوت ہم ہی تمہیں دیا۔ جو کچھ ایسی گاڑ پڑے تو اس بگھمبر میں سے ایک رونگٹا توڑ کر آگ پر دھر کے پھونک دیجو۔ وہ رونگٹا پھونکنے نہ پاوے گا جو ہم آن پہنچیں گے۔ رہا بھبوت سو اس لئے ہے جو کوئی چاہے اسے انجن کرے۔ وہ سب کچھ دیکھ لے اور اسے کوئی نہ دیکھے۔ جو چاہے کرلے۔ گرو مہندر گر جن کے پانو پوجیئے اور دھن مہاراج کیئے، اون سے تو کچھ چھپاؤ مت۔''

مہاراجہ جگت پرکاس ان کو مورچھل کرتے ہوئے رانیوں کے پاس لے گئے۔ سونے روپے کے پھول گود بھر بھر سب نے نچھاور کیئے اور ماتھے رگڑے۔ اونھوں نے سب کی پیٹھیں ٹھونکیں۔ رانی کیتکی نے بھی ڈنڈوت کی۔ پر جی ہی جی میں بہت سی گرو جی کو گالیاں دیں۔ گرو جی سات دن سات راتیں راجہ جگت پرکاس کو سنگاسن میں بیٹھا کے اپنے اوس بگھمبر پر اُس ڈول سے کیلاس پہاڑ پر آ دھمکے۔ راجہ جگت پرکاس اپنے اگلے ڈھب سے راج کرنے لگا۔

رانی کیتکی کا مدن بان کے آگے رونا، پچھلی باتوں کا دھیان کر کے ہاتھ جی سے دھونا، اپنی بولی کے دوہوں میں

رانی کو بہت سی بے کلی تھی   کب سوجتی وہ بری بھلی تھی

چپکے چپکے کراہتی تھی — جینا اپنا نہ چاہتی تھی
کہتی تھی کبھی ''اری مدن بان — ہے آٹھ پہر مجھے وہی دھیان
یہاں پیاس کسے بھلا کسے بوکھ — دیکھوں ہوں وہی ہرے ہرے روکھ
ٹپکے کا ڈر ہے اب یہ کبھی — چاہت کا گھر ہے اب یہ کبھی
امریوں میں اون کا وہ اترنا — اور رات کا سائیں سائیں کرنا
اور چپکے سے اوٹھ کر میرا جانا — اور تیری وہ چاہ کا جتانا
اون کی وہ اتار انگوٹھی لینی — اور اپنی انگوٹھی اون کو دینی
آنکھوں میں میری وہ پھر رہی ہے — جی کا جو روپ تھا وہی ہے
کیونکر انہیں بھولوں کیا کروں میں — ماں باپ سے کب تلک ڈروں میں
اب میں نے سنا ہے اے مدن بان! — بن بن کے ہرن ہوئے اودے بھان
چرتے ہوں گے ہری ہری دوب — کچھ تو بھی پسیج، سوچ میں ڈوب
میں اپنی گئی ہوں چوکڑی بھول — مت مجھ کو سونگھا یہ ڈھڈھے پھول
پھولوں کو اُٹھا کے یہاں سے لے جا — سونکڑے ہوا میرا کلیجا
بکھرے جی کو نہ کر اکٹھا — ایک گھاس کا لا کے رکھ دے گٹھا
ہریالی اسی کی دیکھ لوں میں — کچھ اور تو تجھ کو کیا کہوں میں
ان آنکھوں میں ہے بھڑک ہرن کی — پلکیں ہوئی جیسی گھاس بن کی
جب دیکھیے ڈھڈھا رہیں ہیں — اوسیں آنسو کی چھا رہیں ہیں
یہ بات جو جی میں گڑ گئی ہے — ایک اوس سی مجھ پر پڑ گئی ہے

اسی ڈول سے جب اکیلی ہوتی تھی، تب مدن بان کے ساتھ ایسے ہی موتی پروتی تھی۔

بھبوت مانگنا رانی کیتکی کا اپنی ماں رانی کام لتا سے آنکھ مچول کھیلنے کے لیے اور روٹھ رہنا، اور راجہ جگت پرکاس کا بلانا اور پیار سے کچھ کچھ کہنا اور وہ بھبوت دینا

ایک رات رانی کیتکی نے اپنی ماں رانی کام لتا سے بھلاوے میں ڈال کر یہ پوچھا:
''گرو جی گسائیں مہندر گر نے جو بھبوت باپ کو دیا تھا وہ کہاں رکھا ہوا ہے اور اس سے کیا ہوتا ہے۔''
ان کی ماں نے کہا: ''واری! تو کیوں پوچھتی ہے۔''

رانی کیتکی کہنے لگی: ''آنکھ مچول کھیلنے کے لیے چاہتی ہوں۔ جب اپنی سہیلیوں کے ساتھ کھیلوں اور چور بنوں تو کوئی مجھ کو پکڑ نہ سکے۔''

رانی کام لتا نے کہا: ''وہ کھیلنے کے لیے نہیں ہے۔ ایسے لٹکے کسی برے دن کے سنبھالنے کو ڈال رکھتے ہیں۔ کیا جانے کوئی گھڑی کیسی ہے کیسی نہیں۔''

رانی کیتکی اپنی ماں کی اس بات سے اپنا منہ تھتھا کے روٹھ گئی اور دن بھر کھانا نہ کھایا۔ مہاراج نے جو بلایا تو کہا ''مجھے رُچ نہیں۔'' تب رانی کام لتا بول اٹھیں: ''اجی! کچھ تم نے سنا۔ بیٹی تمہاری آنکھ مچول کھیلنے کے لیے وہ بھبوت گرو جی کا دیا ہوا مانگتی تھی۔ میں نے نہ دیا اور کہا: ''لڑکی! یہ لڑکپن کی باتیں اچھی نہیں۔ کسی برے دن کے لیے گرو جی دے گئے ہیں۔ اس پر مجھ سے روٹھی تھی۔ بہتیرا بہلاتی پھسلاتی ہوں، مانتی نہیں۔''

مہاراج نے کہا: ''بھبوت کیا مجھے اپنا جی بھی اس سے پیارا نہیں۔ اوس کی ایک گھڑی بھر کے بہل جانے پر ایک جی تو کیا جو لاکھ جی ہوں تو دے ڈالیئے۔''

رانی کیتکی کو ڈبیا میں سے تھوڑا سا بھبوت دیا۔ کئی دن تلک آنکھ مچول اپنے ماں باپ کے سامنے سہیلیوں کے ساتھ کھیلتی سب کو ہنساتی رہی۔ جو سو سو تھال موتیوں کے نچھاور ہوا کیے۔ کیا کہوں ایک چُہل تھی، جو کہیئے تو کروڑوں پوتھیوں میں جیوں کی تیوں نہ آ سکے۔

رانی کیتکی کے چاہت سے بے کل ہوا پھرنا اور مدن بان کا ساتھ سے نہیں کرنا

ایک رات رانی کیتکی اسی دھیان میں اپنے مدن بان سے کہہ اٹھی: ''اب میں نگوڑی لاج سے کٹ کرتی ہوں۔ تو میرا ساتھ دے۔'' مدن بان نے کہا: ''کیوں کر۔''

رانی کیتکی نے وہ بھبوت کا لینا اسے جتایا اور یہ سنایا:

''سب یہ آنکھ مچول جھلیں میں نے اس دن کے لیے کر رکھی تھیں۔''

مدن بان کہنے لگی: ''میرا کلیجا تھرتھرانے لگا۔ اے! یہ مانا تم اپنی آنکھوں میں اس بھبوت کا انجن کر لو گی اور میرے بھی لگا دو گی تو ہمیں تمہیں کوئی نہ دیکھے گا اور ہم تم سب کو دیکھیں گے۔ پر ایسے ہم کہاں سے جی چلے ہیں جو بن لیے جو بن پیرے بھٹکا کریں اور ہرنوں کے سینگوں میں دونو ہاتھ ڈال کے لٹکا کریں اور جس کے لیے یہ سب کچھ ہے سو وہ کہاں اور ہووے تو کیا جانے جو یہ رانی کیتکی جی اور یہ مدن بان نگوڑی نوچی کھسوٹی اون کی سہیلی چولہے اور بھاڑ میں جائے یہ چاہت، جس کے لیے ماں باپ، راج پاٹ، سُکھ، نیند، لاج کو چھوڑ کر ندی کے کچھاڑوں میں پھرنا پڑے۔ سو بھی بے ڈول جو وہ اپنے روپ میں ہوتے تو بھلا تھوڑا بہت کچھ آسرا تھا نہ جی! یہ ہم سے نہ ہو سکے گا۔ مہاراج راج

پرکاس اور مہارانی کام لتا کا ہم جان بوجھ کر گھر اُجاڑیں اور بہکا کے اون کی بیٹی جو اکلوتی لاڈلی ہے، اوس کو لے جاویں اور جہاں تہاں اسے بھٹکاوٗ اور بناس پتی کھلاویں اور اپنے چونڈے کو ہلاویں۔ اے جی! اوس دن تمھیں یہ بوجھ نہ آئی تھی جب تمہارے اور اوس کے ماں باپ میں لڑائی ہو رہی تھی۔ اوس نے اوس مالن کے ہاتھ تمھیں لکھ بھیجا تھا ''بھاگ چلیں'' تب تو اپنے منہ کی پیک سے اس کی چٹھی کی پیٹھ پر جو لکھا تھا سو کیا بھول گیا۔ تب تو وہ تاؤ بھاؤ دکھایا تھا۔ اب جو وہ کنور اودے بھان اور اون کے ماں باپ جسے بن بن کے ہرن ہرنی ہوئے کیا جانے یہ ہرنیوں کے ان کے دھیان پر وہ کر بیٹھے جو کسی نے تمہارے گھرانے میں نہیں کی۔ اس بات پر ماٹی ڈال دو۔ نہیں تو پچھتاؤ گی اور اپنا کیا پاؤ گی۔ مجھ سے تو کچھ نہ ہو سکے گا۔ تمہاری کچھ اچھی بات ہوتی ہو تو جیتے جی میرے منہ سے نہ نکلتی۔ پر یہ بات میرے پیٹ میں نہیں پچ سکتی۔ تم ابھی الھڑ ہو۔ تم نے کچھ دیکھا نہیں جو اسی بات پر تمھیں سچ مچ ڈھلتا دیکھوں گی تو تمہارے ماں باپ سے کہہ کر وہ بھبوت جو موا انگوڑا بھوت، مچھندر کا پوت، ابدھوت دے گیا ہے، ہاتھ مڑ وڑا کے چھنوالوں گی۔''

رانی کیتکی نے یہ رکھائیاں مدن بان کی سن کر ٹال دیا اور کہا: ''جس کا جی ہاتھ میں نہ ہو، وہ ایسی ایسی لاکھوں سوچتے ہیں۔ کہنے پر اور کرنے سے بہت سا پھیر ہے۔ یہ بھلا کوئی اندھیر ہے جو ماں باپ کو چھوڑ کر ہرنوں کے لیے پڑی دوڑتی پھروں۔ پر اری! تو بڑی باولی چڑیا ہے جو تو یہ بات ٹھیک ٹھاک کر جان لی اور مجھ سے لڑنے لگی۔''

رانی کیتکی کا بھبوت آنکھوں میں لگا کر گھر سے نکل جانا اور چھوٹے بڑوں کا تلملانا

دس پندرہ دن پیچھے ایک رات رانی کیتکی بن کہے مدن بان کے وہ بھبوت آنکھوں میں لگا کر گھر سے باہر نکل گئی۔ کچھ کہنے میں نہیں آتا جو ماں باپ پر ہوئی۔ یہ بات ٹھہرادی۔ گرو جی نے کچھ سمجھ کر رانی کیتکی کو اپنے پاس بلالیا ہوگا، مہاراجہ جگت پرکاس اور مہارانی کام لتا راج پاٹ سب کچھ اس بروگ میں چھوڑ چھاڑ ایک پہاڑ کی چوٹی پر جا بیٹھے اور کسی کو اپنے لوگوں میں سے راج تھامنے کے لیے چھوڑ آئے۔ تب مدن بان نے وہ سب باتیں کھولیاں۔

رانی کیتکی کے ماں باپ نے یہ کہا: ''اری مدن بان! جو تو بھی اوس کے ساتھ ہوتی تو کچھ ہمارا جی ٹھہرتا۔ اب جو وہ تجھے لے جائیں تو تو کچھ بچڑ مچڑ نہ کیجو، ان کے ساتھ ہو لیجو۔ جتنا بھبوت ہے تو اپنے پاس رکھ۔ ہم اس راکھ کو چولھے میں ڈالیں گے۔ گرو جی نے تو دونو راجوں کا کھوج کھویا۔ کنور اودے بھان اور اس کے ماں باپ دونو ستھور رہے اور جگت پرکاس اور کام لتا کو یوں تلپٹ کیا۔ بھبوت نہ ہوتا تو یہ باتیں کاہے کو سامنے آتیں۔''

مدن بان بھی ان کے ڈھونڈھنے کو نکلی۔ انجن لگائے ہوئے۔ ''کیتکی رانی کیتکی'' کہتی ہوئی چلی جاتی تھی۔

بہت دنوں پیچھے کہیں رانی کیتکی بھی ہرنوں کے ڈاروں میں ''اودے اودے بھان'' چنگھارتی ہوئی آنکلی جو ایک نے ایک کو تاڑ کر یوں پکارا ''اپنی اپنی آنکھیں دھوڈالو'' ایک ڈیرے پر بیٹھ کر دونو کے مٹ بھیڑ ہوئی۔ گلے مل کے ایسے

روئیاں جو پہاڑوں میں کوک سی پڑ گئی۔

دونوں اپنی بولی کا

دوہا

چھا گئی ٹھنڈی سانس جھاڑوں میں　　　　پڑ گئی کوک سی پہاڑوں میں

دونو جنیاں ایک ٹیلے پر اچھی سی چھنان (چھانہہ) تاڑ کے آ بیٹھیاں اپنی باتیں دہرانے لگیں۔ بات چیت رانی کیتکی کی مدن بان سے رانی کیتکی نے اپنی بیتی سب کہی اور مدن بان وہی اگلا جھیکنا جھینکا کی اور ان کے ماں باپ نے اون کے لیے جو جوگ سادھا اور جو بروگ لیا تھا، سب کہا۔ جب مدن بان یہ سب کچھ کہہ چکی تو پھر ہنسنے لگی۔ رانی کیتکی یہ لگی پڑھنے

دوہا

ہم نہیں ہنسنے سے رکتے، جس کا جی چاہے ہسے　　　　ہے وہی اپنی کہاوت آ پھنسے جی آ پھنسے

اب تو اپنے پیچھے سارا جھگڑا جھانٹا لگ گیا　　　　پاؤں کا کیا ڈھونڈھتی ہے جی میں کانٹا لگ گیا

مدن بان سے کچھ رانی کیتکی کے آنسو پونچھنے سے چلے۔ ''اون نے یہ بات ٹھہرائی جو تم کہیں ٹھہرو تو میں تمہارے اجڑے ہوئے ماں باپ کو چپ چاپ یہیں لے آؤں اور اونہوں سے یہ بات ٹھہراؤں۔ گسائیں مہندر گر جس کے یہ سب کرتوت ہیں، وہ بھی انہیں دونو اجڑے ہوئے کی مٹھی میں ہے۔ اب بھی جو میرا کہا تمہارے دھیان چڑھے تو گئے ہوئے دن پھر پھر سکتے ہیں۔ پر تمہاری کچھ بھاویں نہیں۔ ہم کیا پڑے بکتے ہیں۔ اس پر بیڑا اٹھاتی ہوں۔''

بہت دنوں میں رانی کیتکی نے اس پر اچھا کہا اور مدن بان کو اپنے ماں باپ کے پاس بھیجا اور چٹھی اپنے ہاتھ سے لکھ بھیجی ''جو آپ سے کچھ ہو سکے تو اس جوگ سے یہ ٹھہرا کے آویں۔''

مہاراج اور مہارانی کے پاس مدن بان کا پھر آنا اور چت چاہی بات کا سنانا

مدن بان رانی کیتکی کو چھوڑ کر راجہ جگت پرکاس اور رانی کام لتا جس پہاڑ پر بیٹھے ہوئے تھے، وہاں جھٹ سے آ دیس کر کے آ کھڑی ہوتی ہے اور کہتی ہے:

''لیجئے آپ کا گھر نئے سرے سے بسا اور اچھے دن آئے۔ رانی کیتکی کا ایک بال بھی بیکا نہ ہوا۔ انہیں کے ہاتھ کی یہ چٹھی لائی ہوں۔ آپ پڑھ لیجئے۔ آگے سو چاہے سو کیجئے۔''

مہاراج نے اسی بگھمبر میں سے ایک رونگٹا توڑ کر آگ پر دھر دیا۔ بات کی بات میں گسائیں مہندر گر آ پہنچے

اور جو کچھ نیا سانگ جوگی اور جوگن کا آیا تھا، آنکھوں دیکھا۔ سب کو چھاتی سے لگایا اور کہا:

''بکھمبر اسی لیے میں سونپ گیا تھا جو تم پر ہووے تو اوس کا ایک رونگٹا پھونک دیجو۔ تمہارے گھر کی یہ گت ہوگئی۔ اب تک تم کیا کر رہے تھے اور کس نیندوں سو رہے تھے۔ پر تم کیا کرو۔ وہ کھلاڑی جو جو روپ چاہے سو دیکھاوے۔ جو جو ناچ چاہے سو نچاوے۔ بھبوت لڑکی کو کیا دینا تھا۔ اودے بھان اور سورج بھان اوس کے باپ کو اور پنچھی باس کو میں نے کیا تھا۔ میرے آگے تینوں کو جیسے کا تیسا کرنا کچھ بڑی بات نہ تھی۔ اچھا ہوئی سو ہوئی۔ اب چلو اٹھو۔ اپنے راج پر براجو اور بیاہ کا ٹھاٹھ کرو۔ اب تم اپنی بیٹی کو سمیٹو۔ کنور اودے بھان کو میں نے اپنا بیٹا کہا اور اوس کو لے کے میں بیاہنے چڑھوں گا۔''

مہاراج یہ سنتے ہی اپنے راج کی گدی پر آبیٹھے اور اس گھڑی کہہ دیا۔

''سارے چھتوں کو اور کوٹھوں کو گوٹے سے منڈھ لو اور سونے روپے کو روپہلے سنہرے سب جھاڑ اور پہاڑوں پر باندھ دو اور پیڑوں میں موتی کی لڑیاں گوندھو اور کہہ دو چالیس دن چالیس رات تک جس گھر ناچ آٹھ پہر نہ رہیگا، اوس گھر والے سے میں روٹھ رہوں گا اور جانوں گا یہ میرے دکھ سکھ کا ساتھی نہیں۔''

چھ مہینے جد کوئی چلنے والا کہیں نہ ٹھہرے اور رات دن چلا جائے، اس ہیر پھیر میں وہ راج سب تھا کہیں یہی ڈول ہوگیا۔

جانا مہاراج اور مہارانی اور گسائیں مہندر گر کا رانی کیتکی کے لینے کے لیے

پھر گرو جی اور مہاراج اور مہارانی، مدن بان کے ساتھ وہاں آپہنچے، جہاں رانی کیتکی چپ چاپ سُون کھینچے بیٹھی تھی۔ گرو جی نے رانی کیتکی کو اپنی گود میں لے کے کنور اودے بھان کا چڑھاوا چڑھا دیا اور کہا:

''تم اپنے ماں باپ کے ساتھ اپنے گھر سدھارو۔ اب میں اپنے بیٹے کنور اودے بھان کو لیے ہوئے آتا ہوں۔''

گرو جی گسائیں جن کو ڈنڈوت ہے سو تو دوں سدھارتے ہیں۔ آگے جو ہوگی سو کہنے میں آوے گی۔ یہ دھوم دھام اور پھیلاوا دھیان کیجیے۔

مہاراجہ جگت پرکاس نے اپنے سارے دیس میں کہا: ''یہ پکار دیں جو یہ نہ کرے گا، اوس کی بری گت ہو گی۔ گانو میں آمنے سامنے ترپولئے بنا بنا کے سوہے کپڑے ان پر لگا دو اور گوٹ دھنک کی اور گوکھرو روپہلی سنہری اور کرنیں اور ڈانک ٹانک ٹانک رکھو اور جتنے بڑ، پیپل کے پرانے پرانے پیڑ جہاں جہاں ہوں، ان پر گوٹوں کے پھولوں کے سہرے ہرے بھرے ایسے جس میں سر سے لگا جڑ تک اون کی ٹھلک اور جھلک پہنچے، باندھ دو۔'' چوتکہ:

پودھوں نے رنگا کے سوہے جوڑے پہنے،
سو پانوں میں ڈالیوں نے توڑے پہنے،
بوٹی بوٹی نے پھول پھل کے گہنے،
جو بہت نہ تھے تو تھوڑے تھوڑے پہنے

جتنے ڈھڈ ھے اور ہریادل میں لہلہے پات تھے، اپنے اپنے ہاتھ میں چہچی مہندی کی رچاوٹ، سجاوٹ کے ساتھ جتنی سماوٹ میں سماسکی، کرلی اور جہاں تک نول بیاہی دلہنیں نتھیں پھلیوں کی اور سہاگنیں نئی نئی کلیوں کی، جوڑے پنکھڑیوں کے پہنے ہوئے تھیں، سب نے اپنی اپنی گود سہاگ پتاڑ کے پھول اور پھلوں سے بھرلی اور تین برس کا پیسا جو لوگ دیا کرتے تھے، اوس راجہ کے راج بھر میں جس جس ڈھب سے ہوا، کھیتی باڑی کرکے، ہل جوت کے اور کپڑا لتا بیچ کھونچ کے، سو سب اون کو چھوڑ دیا۔ اپنے گھروں میں بناؤ کے ٹھاٹھ کریں اور جتنے راج بھر میں کوئیں تھے، کھنڈ سالوں کے کھنڈ سال لیے جا ان میں اونڈیلیں گئیں اور سارے بنوں میں اور پہاڑتلیوں میں لال ٹینوں کی بہار، جھم جھماہٹ راتوں کو دیکھائی دینے لگی اور جتنی جھیلیں تھے، اون سب میں کسم اور ٹیسو اور ہرسنگار پڑ گیا اور کیسری بھی تھوڑی تھوڑی گھولنے میں آ گئی اور پھننگ سے لگا جڑ تک جھاڑ جھنکاڑوں میں پتے اور پتیوں کے بندھے چھتے تھے اور روپہلے سنہرے ڈانک گوند لگا لگا کے چپکا دیئے اور کہہ دیا گیا جو سوہی پگڑی اور سوہی باگے بن کوئی کسی ڈول، کسی روپ سے نہ پھرے چلے اور جتنے گویے، بجویے، بھانڈ، بھگتی، ڈھاڑی اور سنگیت ناچتے ہوئے ہوں، سب کو کہہ دیا جن جن گانو میں جہاں جہاں ہوں، اپنے اپنے ٹھکانوں سے مل کر اچھے اچھے بچھونے بچھا کر گاتے گاتے دھومیں مچاتے ناچتے کودتے رہا کریں۔

ڈھونڈنا گسائیں مہندر کا کنور اودے بھان اور اوس کے ماں باپ کو اور نہ پانا اور بہت سا تلملانا راجہ اندر کا اس کی چٹھی پڑھ کے آنا

یہاں کی بات اور چہلیں جو کچھ ہیں، سو یہیں رہنے دو۔ اب آگے یہ سنو۔ جوگی مہندر گر اور اس کے نوے لاکھ اتیتوں نے سارے بن کے بن چھان مارے، کہیں کنور اودے بھان اور اس کے ماں باپ کا ٹھکانا نہ لگا۔ تب ان نے راجہ اندر کو چٹھی لکھ بھیجی۔ اس چٹھی میں یہ لکھا ہوا تھا:

''تینوں جنوں کو میں نے ہرن اور ہرنی کر ڈالا تھا۔ اب اون کو ڈھونڈھتا پھرتا ہوں، کہیں نہیں ملتے اور میری جتنی سکت تھی، اپنے سے کر چکا ہوں اور اب میرے منہ سے نکلا کنور اودھے بھان میرا بیٹا اور میں اس کا باپ۔ اوس کی سسرال میں سب بیاہ کے ٹھاٹھ ہو رہے ہیں۔ اب مجھ پر نپٹ گاڑھ ہے۔ جو تم سے ہو سکے سو کرو۔''

راجہ اندر گرو مہندر گر کے دیکھنے کو سب اندراسن سمیت آپ آن پہنچتا ہے اور کہتا ہے:

''جیسا آپ کا بیٹا تیسا میرا بیٹا۔ آپ کے ساتھ میں سارے اندرلوک کو سمیٹ کے کنور اودھے بھان کو بیاہنے چڑھوں گا۔''

گسائیں مہندر گر نے راجہ اندر سے کہا:

''ہماری آپ کی ایک ہی ایک بات ہے۔ پر کچھ ایسی سوجھائیے جس میں وہ اودھے بھان ہاتھ آ دیں۔ یہاں جتنے گوپے اور گاین ہیں، ان سب کو ساتھ لے کے ہم اور آپ سارے بنوں میں پھریں۔ کہیں نہ کہیں ٹھکانا لگ جائے گا۔''

ہرن اور ہرنیوں کے کھیل کا پکڑنا اور نئے سرے سے کنور اودے بھان کا روپ پکڑنا

ایک رات راجہ اندر اور گسائیں مہندر گر نکھری ہوئی چاندنی میں بیٹھے ہوئے راگ سن رہے تھے۔ کڑوں ہرن آس پاس آن کے راگ کے دھیان میں چوکڑی بھول سر جھکائے کھڑے تھے۔ اس میں راجہ اندر نے کہا:

''ان سب ہرنوں پر پڑھ کے میرے سکت، گرو کے بھگت، پھوڑی منتری، ایسری باچا ایک ایک چھینٹا پانی کا دو۔''

کیا جانے وہ پانی کیا تھا۔ پانی کے چھینٹے کے ساتھ ہی کنور اودھے بھان اور ان کے ماں باپ تینوں جنے ہرنوں کا روپ چھوڑ کر جیسے تھے ویسے ہو جاتے ہیں۔ مہندر گر اور راجہ اندر ان تینوں کو گلے لگاتے ہیں اور پاس اپنے بڑی آؤ بھگت سے بٹھاتے ہیں اور وہی پانی کا گھڑا اپنے لوگوں کو دے کر وہاں پہنچوا دیتے ہیں جہاں سر منڈاتے ہی اولے پڑتے ہیں۔ راجہ اندر کے لوگ جو پانی کے چھینٹے وہ ہی ایسری باچا پڑھ کے دیتے ہیں، جو جو مرمٹے تھے، سب اٹھ کھڑے ہوتے ہیں اور جو جو ادھ موئے ہو کے بھاگ بچے تھے، سب سمٹ آتے ہیں۔

راجہ اندر اور مہندر گر، کنور اودے بھان اور راجہ سورج بھان اور رانی لچھمن باس کو لے کر ایک اڑن کھٹولے پر بیٹھ کر بڑی دھوم دھام سے ان کے اپنے راج پر بیٹھا کر بیاہ کے ٹھاٹھ کرتے ہیں۔ پنسیریوں ہیرے موتی ان سب پر نچھاور ہوتے ہیں۔ راجہ سورج بھان اور اودے بھان اور اودن کی ماں رانی لچھمی باس جیت چاہی آس پر پھولوں اپنے آپ میں نہیں سماتے اور سارے اپنے راج کو یہی کہتے جاتے ہیں:

''جو نرے بھنورے کے منہ کھول دو اور جس جس کو جو جو اکت سو سمجھے، بول دو۔ آج کے دن سے اور کونسا دن ہوگا۔ ہماری آنکھوں کی پتلیوں کا جس سے چین ہے، اوس لاڈلے اکلوتے کا بیاہ اور ہم تینوں کا ہرنوں کے روپ سے نکل کر پھر راج بیٹھنا۔ پہلے یہ چاہیے جن جن کی بیٹیاں ہیں، بن بیاہیاں، کنواریاں بالیاں ہوں، ان سب کو اتنا کر

دو جو اپنی جس جس سے چاؤ چوچ سے چاہیں اپنی اپنی گڑیاں سنوار کے اٹھا دیں اور جب تلک جیتی رہیں، ہمارے یہاں سے کھایا پیا پکایا ریندھا کریں اور سب راج بھر کی بیٹیاں سدا سہاگنیں بنی رہیں اور سوہے رائے چھٹ کبھی کوئی کچھ نہ پہنا کریں اور سونے روپے کے کواڑ گنگا جمنی سب گھروں میں لگ جائیں۔ سب کوٹھوں کے ماتھوں پر کیسر اور چندن کے ٹیکے لگے ہوں اور جتنے پہاڑ ہمارے دیس میں ہوں، اتنے اتنے ہی روپے سونے کے پہاڑ آمنے سامنے کھڑے ہو جائیں اور سب ڈانگوں کی جوئیاں موتیوں کی مانگ سے بن مانگے بھر جائیں اور پھولوں کے گہنے اور بند نواڑوں سے سب جھاڑ پہاڑ لدے پھندے رہیں اور اس راج سے لگا اس راج تک اُدھر میں چھت سی باندھ دو۔ چپا چپا کہیں نہ رہے۔ جہاں بھیڑ بھڑ کا، دھوم دھڑ کا نہ ہو، چاہیے پھول اتنے بہت سارے کھنڈ جائیں۔ جو ندیاں جیسی سچ مچ پھول کی بہتیاں ہیں، یہ سمجھا جائے اور یہ ڈول کر دو جدھر سے دولہ کو بیاہنے چڑھیں سب لاڑلی اور ہیرے اور پکھراج کے اِدھر اُدھر کنول کی ٹٹیاں بن جائیں اور کیاریاں سی ہو جائیں جن کے بیچوں بیچ سے ہو نکلیں اور کوئی ڈانگ اور پہاڑ تلی کا اتار چڑھاؤ ایسا دکھائی نہ دے، جس کی گود پکھروٹوں اور پھلوں سے بھری بھتولی نہ ہو۔

راجہ اندر کا ٹھاٹھ کرنا اودے بھان کے بیاہنے کے لیے

راجہ اندر نے کہہ دیا:

''وہ رنڈیاں، چلبلیاں جو اپنی مدھ میں اُڑ چلیاں ہیں، اون سے کہہ دو سولہ سنگار، بال بال گج موتی پرو دو، اپنے اپنے اچرج اور اچنبھے کے اڑن کھٹولوں کے اس راج سے اُس راج تک ادھر میں چھت سی باندھ دو۔ پر کچھ ایسے روپ سے اڑ چلو جو اوڑن کھٹولوں کی کیاریاں اور پھلواریاں سی سیکڑوں کوس تک ہو جائیں اور اوپر ہی اوپر مردنگ، بین، جلترنگ، منہہ چنگ، گھونگرو، تبلے، گٹ تال اور سیکڑوں اس ڈھب کے انوکھے باجے بجتے آئیں اور اون کیاریوں کے بیچ میں ہیرے، پکھراج، ان بندھے موتیوں کے جھاڑ اور لال ٹینوں کی بھیڑ بھاڑ کی جھم جھماہٹ دکھائی دے اور انہیں لال ٹینوں میں سے ہتھ پھول، پھلجھڑی، جاہی، جوہیاں، کدم، گیندا، چنبیلی اس ڈھب سے چھٹے کہ دیکھتوں کی چھاتیوں کے کواڑ کھل جائیں اور پٹاخے جو اچھل اچھل کے پھوٹیں، اون میں سے ہنستے سپارے اور بولتے پکھرو نے ڈھل ڈھل پڑیں۔ اور جب تم سب کو ہنسی آوے تو چاہیے، اس ہنسی کے ساتھ موتی کی لڑیاں جھڑیں جو سب کے سب اون کو چن چن کے رج کے راجے ہو جاویں۔ ڈومنیوں کے روپ میں سارنگیاں چھیڑ چھیڑ سوہیلے گاؤ، دونوں ہاتھ ہلاؤ، انگلیاں نچاؤ۔ جو کسی نے نہ سنے ہوں، وہ تاؤ بھاؤ، راؤ چاؤ، دکھاؤ، ٹھڈیاں کپکپاؤ اور ناک بھویں تان تان بھاؤ بتاؤ۔ کوئی پھوٹ کر رہ نہ جاؤ، ایسا جماؤ جو لاکھوں برس میں ہوتا ہے۔

جو جو راجہ اندر نے اپنے منہ سے نکالا تھا، آنکھ کی جھپک کے ساتھ وہیں ہونے لگا اور جو کچھ اون دونوں

مہاراجوں نے ادھر اُدھر کہہ دیا تھا، سب کچھ اسی روپ سے ٹھیک ٹھاک ہو گیا۔ جس بیاہنے کی یہ کچھ پھیلاوٹ اور جماوٹ اور چاوٹ اوپر تلے اس جمگھٹ ساتھ ہوگی، اوس کا اور کچھ پھیلاؤ کیا کچھ ہوگا، یہ دھیان کرلو۔

ٹھاٹھ گسائیں مہندر گر کا

جب کنوراودے بھان اس روپ سے بیاہنے چڑھے اور وہ باہمن جو اندھیری کوٹھری میں موندا ہوا تھا، اوس کو بھی ساتھ لے لیا اور بہت سے ہاتھ جوڑے اور کہا:

"باہمن دیوتا! تمہارے ہمارے کہنے سننے پر نہ جاؤ۔ تمہاری جو ریت ہوتی چلی آئی ہے، بتاتے چلو۔"

ایک اوڑن کھٹولا پر وہ بھی ریت بتانے کو ساتھ ہوا۔ راجہ اندر اور گسائیں مہندر گر ایراپت ہاتھی پر جھومتے جھامتے، دیکھتے بھالتے سارا اکھاڑا لیے چلے جاتے تھے۔ راجہ سورج بھان دولہ کے گھوڑے کے ساتھ مالا جپتا ہوا پیدل تھا۔ اتنے میں ایک سناٹا ہوا۔ سب گھبرا گئے۔ اس سناٹے سے وہ جو جوگی کے نوے لاکھ اتیت بنے، سب کے سب جوگی بنے ہوئے موتیوں کی لڑیوں کی بیلی گلوں میں ڈالے، گاتیاں اسی ڈھب کی باندھے، مرگ چھالوں اور بگھمبروں پر انہوں کے جیوں میں جتنی امنگیں چھا رہی تھیں، وہ چوگنی چگنی ہوگئیں۔ سکھ پال اور چنڈولوں پر اور رتھوں پر جتنی رانیاں مہارانی لچھمن باس کے پیچھے چلی آتیاں تھیں، سب کو گدگدیاں سی ہونے لگیں۔ اس میں کہیں بھرتری کا سانگ آیا، کہیں جوگی جے پال آ کھڑے ہوئے، کہیں مہادیو جی اور پاربتی جی دکھائی پڑے، کہیں گورکھ جاگے، کہیں مچھندر ناتھ بھاگے۔ کہیں مچھ، کچھ باراہ، سنمکھ ہوئے۔ کہیں پرسرام، کہیں باون روپ، کہیں ہرناکس اور نرسنگھ، کہیں رام لچھمن اور سیتا سامنے آئے، کہیں راون اور لنکا کا بکھیڑا سارے کا سارا دکھائی دینے لگا۔ کہیں کنہیا جی کا جنم اشٹمی ہونا اور باس دیو کا گوکل لے جانا اور اون کا اس روپ سے بڑھ چلنا اور گائیں چرانی اور مورلی بجانی اور گوپیوں رانی سے دھومیں مچانی اور کبجا کا بس کر لینا اور وہی کربل کی کنجیں۔

ہنسی پٹ چیر گھاٹ

بندرابن، سیوا کنج برسانے سیں رہنا اور اوس کنہیا سے جو جو کچھ ہوا تھا، سب کا سب جیوں کا تیوں، آنکھوں میں آنا اور جانا اور سولہ سو گوپیوں کا تلملانا سامنے آ گیا۔ ان گوپیوں میں سے اُدھو کا ہاتھ پکڑ کر ایک گوپن کے اس کہنے نے سب کو رولا دیا۔ جو اس ڈھب سے بول کے روندھے ہوئے جی کو کھولتی تھی۔

کبت

جب جھاڑ کریل کی کنجن کاں ہر دوار کا جیوں ما جائے بسے
مگدہوت کے دھام بنائے گہنے، مہرا جن کے مہراج بھئے
تج مور مکٹ اور کامریا کچھو، اور ہی ناتے جور لئے
دھرے روپ نئے اور گیاں چرائیو بھول گئے

اچھابنا گھاٹوں کا

جتنے گھاٹ دونو راج کی ندیوں میں تھے، پکے چاندی کے تھکّے سے ہو کر لوگوں کو ہکا بکا کر رہے تھے۔ نواڑے، بھولیئے، بجرے، لچکے، مورپنکھی، سونا مکھی، سیام سندر، رام سندر اور جتنی ڈھب کے ناویں تھیں، سنہرے روپ سے بجی سجائی، کسی کسائی، سوسو لچکیں کھاتیاں، آتیاں، جاتیاں، لہراتیاں، پڑی پھرتیاں تھیں۔ اون سب پر یہی گویے، کنچنیاں، رام جنیاں ڈومنیاں کھچا کھچ بھری اپنے اپنے کرتب میں ناچتی، گاتی، بجاتی، کودتی، پھاندتی، دھومیں مچاتیاں، انگڑائیاں جمہائیاں انگلیاں نچاتیاں اودھلی پڑتیاں تھیں اور کوئی ناؤ ایسی نہ تھی جو سونے روپے کے پتروں سے منڈھی ہوئی اور اساوری سے ڈھپی ہوئی نہ ہو اور بہت سی ناؤ پر ہنڈولے بھی اسی ڈھب کے، اون پر گائنیں بیٹھی جھولتی ہوئیں، سوہلے، کدارا اور باگیسری کانھڑے میں گا رہیں تھیں۔ دَل بادل ایسے نواڑوں کی سب جھیلوں میں بھی چھا رہے تھے۔

آ پہنچنا کنور اودے بھان کا بیاہ کے ٹھاٹھ کے ساتھ دلہن کی ڈیوڑھی پر

اس دھوم دھام کے ساتھ کنور اودے بھان سہرا باندھے جب دلہن کے گھر تلک آن پہنچا اور جو ریتیں ان کے گھرانے میں ہوتی چلی آتیاں تھیں، ہونے لگیاں۔ مدن بان رانی کیتکی سے ٹھٹھولے کر کے بولی:

''اب سکھ سمیٹیے، بھر بھر جھولی۔ سر نہوڑائے کیا بیٹھی ہو۔ آؤ نہ ٹک ہم تم مل کے جھروکوں سے انہیں جھانکیں۔''

رانی کیتکی نے کہا:

''نہ ری! ایسی نلجی باتیں ہم سے نہ کر۔ ایسی ہمیں کیا پڑی جو اس گھڑی ایسی کڑی جھیل کر ریل پیل کر، اوبٹن اور تیل پھلیل بھرے ہوئے اون کے جھانکنے کو جا کھڑی ہوں۔''

مدن بان اس رُکھائی کو اوڑن گھائی کی انٹیوں میں کر بولی:

دوہے اپنی بولی کے

دوہا

یوں تو دیکھو وا چھڑے جی وا چھڑے جی وا چھڑے
ہم سے اب آنے لگی ہیں آپ یوں مہرے کڑے
چھان مارے بن کے بن تھے، آپ نے جن کے لیے
وہ ہرن جو بن کے مدھ میں ہیں بنے دولہ کھڑے
تم نہ جاؤ دیکھنے کو جو انہیں کچھ بات ہے
جھانکنے اس دھیان میں ہیں، اون کے سب چھوٹے بڑے
یہی کہاوت ''جی کو بھاوے یوں ہی پر منڈیا ہلائے''
لے چلیں گے آپ کو، ہم ہیں اسی دھن پر اڑے
سانس ٹھنڈی بھر کے رانی کیتکی بولی ''کہ سچ
سب تو اچھا، کچھ ہوا، پر اب بکھیڑے میں پڑے''

واری پھیری ہونا مدن بان کا رانی کیتکی پر اور اوس کی باس کا سونگھنا اور اسندے پن سے اونگھنا

اوس گھڑی کچھ مدن بان کو رانی کیتکی کے مانجے کا جوڑا اور بھویں اور انکھڑیوں کا لجیانا اور بھکرا بھکرا جانا بھلا لگ گیا تو رانی کیتکی باس سونگھنے لگی اور اپنی آنکھوں کو ایسا کر لیا جیسے کوئی کوئی اونگھنے لگتی ہے۔ سر سے لگا پانوں تک واری پھیری ہو کے تلوے سہلانے لگی۔ رانی کیتکی جھٹ سے دھیمی سی ہنس کے لچکا ساتھ لے اٹھی۔ مدن بان بولی:

''میرے ہاتھ کے نہو کے سے وہ ہی پانوں کا چھالا دُکھ گیا ہوگا۔ جو ہرنوں کے ڈھونڈھا ڈھونڈھ میں پڑ گیا تھا۔''

ایسی دکھتی چٹکی کی چوٹ سے مسوس کر رانی کیتکی نے کہا:

''کانٹا اڑا تو اڑا اور چھالا پڑا تو پڑا، پر نگوڑی تو کیوں میرا پنچھالا ہوئی۔''

سراہنا رانی کیتکی کے جوبن کا

رانی کیتکی کا بھلا لگنا، لکھنے پڑھنے سے باہر ہے۔ وہ دونو بھوؤں کی کھچاوٹ اور پتلیوں میں لاج کی سماوٹ

اور نکیلی پلکوں کی روندا ہٹ اور ہنسی کی لگاوٹ، دنتڑیوں میں مسیوں کی اوداہٹ اور اتنی سی رکاوٹ سے ناک اور تیوری چڑھالینا اور سہیلیوں کا گالیاں دینا اور چل نکلنا اور پرنیوں کے روپ سے کرچھالیں مار پرے اوچھلنا کچھ کہنے میں نہیں آتا۔

سراہنا کنور جی کے جوبن کا

کنور اودے بھان کے اچھے پن میں کچھ چل نکلنا، کسی سے ہون سکے ہوئے رہے۔ اون کے اوبھار کے دنوں کا سہانا پن اور چال ڈھال کا اچھن بچھن، اٹھتی ہوئی کونپل کے پھبن اور مکھڑے کا گدرایا ہوا جوبن، جیسے بڑے تڑکے ہرے بھرے پہاڑوں کی گود سے سورج کی کرن نکل آتی ہے۔ یہی روپ تھا۔ ان کی بھیکتی مسوں سے رس کا ٹپکا پڑنا اور اپنی پرچھائیں دیکھ کر اکڑنا، جہان تہاں چھانہ تھی، اوس کا ڈول ٹھیک ٹھاک، اون کے پانوں تلے جیسے دھوپ تھا۔

دولہ اودے بھان کا سنگاسن پر بیٹھنا

دولہ اودے بھان سنگاسن پر بیٹھا اور ایدھر اودھر راجہ اندر اور جوگی مہندر گر جم گئے۔ دولہ کا باپ اپنے بیٹے کے پیچھے مالا لیے کچھ کچھ گنگنانے لگا اور ناچ لگا ہونے اور اُدھر میں جو اوڑن کھٹولے اندر کے اکھاڑے کے تھے، سب کے سب اس روپ سے چہت باندھے تھرکا کیئے۔ مہارانیاں دونو سمدھنیں آپس میں ملیاں جلیاں اور دیکھنے داکھنے کو کوٹھوں پر چندن کے کواڑوں کے اڑتلوں میں آبیٹھیاں۔ سانگ، سنگیت، بھنڈ تال، رہس ہونے لگا۔ جتنے راگ اور راگنیاں تھیں ایمن کلیان، جھنجوٹی، کانڑا، کھماچ، سوہنی، پرج، بہاگ، سوہرٹ، کالنگڑا، بھیروی، کھٹ للت، بھیروں، روپ پکڑے ہوئے سچ مچ کے جیسے گانے والے ہوتے ہیں، اپنے اپنے سمیں لگے اور گانے لگیاں۔ اوس ناچ کا جو بھاؤ تاؤ رچاوٹ کے ساتھ ہوا، کس کا منہ جو کہہ سکے۔ جتنے کے سکھ چین گھر تھے، مادھو بلاس، رس دھام، کشن نواس، مچھی بھون، چندر بھون، سب کے سب لپے سے لپٹے اور سچے موتیوں کی جھالریں اپنی اپنی گانٹھ سمیٹے ہوئے ایک پھبن کے ساتھ متوالوں کے روپ سے جھوم جھوم بیٹھنے والوں کے منہ چوم رہے تھے۔

بیچوں بیچ اون سب گھروں کے ایک آرسی دھام بنایا تھا، جس کی چھت اور کواڑ، اور آنگن میں آرسی چھٹ کہیں لکڑی اینٹ کے پُٹ ایک انگلی کے پورے بھر نہ تھی۔ چاندنی کا جوڑا پہنے ہوئے چودھویں رات جب گھڑی چھ ایک رہ گئی، تب رانی کیتکی سی دلہن کو اوس آرسی بھون میں بیٹھا کر دولہ کو بلا بھیجا۔

کنور اودھے بھان کنہیا بنا ہوا سر پر مکٹ دھرے سہرا باندھے، اسی تڑاوے اور جمگھٹ کے ساتھ چاند سا

کھڑا لیے ہوئے جا پہنچا۔ جس جس ڈھب سے بامہن اور پنڈت کہتے گئے اور جو جو مہاراجوں میں ریتیں چلی آتیاں تھیں، اسی ڈول سے، اسی روپ سے بھونری گنٹھ جوڑا سب کچھ ہولیا۔

دوہے اپنی بولی کے

اب اودے بھان اور رانی کیتکی دونوں ملے
آس کے جو پھول کملائے ہوئے تھے، پھر کھلے
چین ہوتا ہی نہ تھا، جس ایک کو اوس ایک بن
رہنے سہنے سو لگے، آپس میں اپنے رات دن
اے کھلاڑی! یہ بہت تھا کچھ نہیں تھوڑا ہوا
آن کر آپس میں جو دونوں کا گٹھ جوڑا ہوا
چاہ کے ڈوبے ہوئے، ارے میرے داتا، سب ترین
دن پھرے جیسے انہوں کے ایسے اپنے دن پھریں

وہ اوڑن کھٹولے والیاں جو اَدھر میں چھت باندھے ہوئے تھرک رہی تھیں، بھر بھر جھولیاں اور مٹھیاں ہیرے اور موتیوں سے نچھاور کرنے کے لیے اوتر آئیاں۔ اوڑن کھٹولے جوں کے توں اَدھر میں چھت باندھے ہوئے کھڑے رہے۔ دولہ دلہن پر سے ساتھ ساتھ ہیرے واری پھیری ہوتے ہیں۔ بس بس گیان اور اون سبھوں کو ہچکی سی لگ گئی۔

راجہ اندر نے دلہن کی منہ دکھائی میں ایک ہیرے کا اکڈال چھپر کھٹ اور ایک پیڑھی پکھراج کی دی اور ایک پارجات کا پودھا جس سے جو پھل مانگیے، سو ہی ملے، دلہن کے سامنے لگا دیا اور ایک کام دھین گائے کی پٹھیا بھی اوس کے نیچے باندھ دی اور اکیس لونڈیاں انہیں اوڑن کھٹولے والیوں سے چن کے اچھی سے اچھی ستھری گاتی بجاتیاں، سیتی پروتیاں، سگھڑ سے سگھڑ سونپیں اور انہیں کہہ دیا:

''رانی کیتکی چھٹ اون کے دولہ سے کچھ بات چیت نہ رکھیو۔ تمہارے کان پہلی سے مروڑے دیتا ہوں۔ نہیں تو سب کی سب پتھر کی مورتیں بن جاؤ گی اور اپنا کیا پاؤ گی۔''

اور گسائیں مہندر گر و جی نے باون تولے پاؤ رتی جو سنتے ہیں، اوس کے اکیس مٹکے آگے رکھ کے کہا:

''یہ بھی ایک کھیل ہے جب چاہیے تو بہت سا تانبا گلا کے ایک اتنی سی چٹکی چھوڑ دیجے گا۔ کنچن ہو جائے گا۔''

اور جوگی نے یہ سبھوں سے کہہ دیا:

''جو لوگ اون کے بیاہ میں جاگے ہیں اون کے گھروں میں چالیس دن چالیس رات سونے کی ٹڈیوں کے روپ میں ہُن برسیں اور جب تک جئیں کسی بات کو پھر نہ ترسیں۔''

نولاکھ ننادے گائیں سونے روپے کی سنگوٹیوں کی، جڑاؤ گہنا پہنے ہوئے، گھنگرو جھنجھناتیاں بامھنوں کے دان ہوئیں اور سات برس کا پیسا سارے راج اک چھوڑ دیا۔ بائیس سے ہاتھی اور چھتیس سے اونٹ لدے ہوئے روپوں کے لٹا دیے۔ کوئی اوس بھیڑ بھاڑ میں دونو راج کا رہنے والا ایسا نہ رہا جس کو گھوڑا جوڑا، روپوں کا توڑا، سونے کے جڑاؤ کڑوں کی جوڑی نہ ملی ہو۔

اور مدن بان چھٹ دولہ دلہن پاس کسی کا ہواؤ نہ تھا جو بن بلائے چلی جائے، بن بلائے دوڑی آئے تو وہی آئے اور ہنسائے تو وہ ہی ہنسائے۔

رانی کیتکی کے چھیڑنے کو اون کے کنور اودے بھان کو ''کنور کنور راجی'' کہہ کے پکارتی تھی اور اسی بات کو سو سو روپ سے سنوارتی تھی۔

دوہے اپنی بولی کے

گھر بسا جس رات انہوں کا، تب مدن بان اوس گھڑی
کہہ گئی دولہ دلہن کو ایسی سو باتیں کڑی
باس پا کر کیوڑے کی کیتکی کا جی کھلا
سچ ہے ان دونوں جنوں کو اب کسی کی کیا پڑی

دلہن نے اپنے گھونگھٹ سے کہا:

جی میں آتا ہے تیرے ہونٹوں کو مل ڈالوں ابھی
بل بے اے رنڈی، تیرے دانتوں کی مسّی کی دھڑی

❖ ❖ ❖

فرہنگ

مرتبہ

محمد اکرام چغتائی

آ

آ پھنسے جی آ پھنسے۔ مجبوراً اور جبراً کسی کو خوش کرنے کے لیے اس کی تعریف کرنے کے موقع پر کہتے ہیں۔

آٹھ پہر/آٹھوں پہر/آٹھوں پہر تیسوں گھڑی۔ ہر وقت، ہر لحظہ، رات دن۔

آدھ شکتی۔ برہما، موسیقی کی دیوی یا دیوتا۔

آدیس/آدیش۔ تعظیم، سلام، آداب (جوگیوں اور فقیروں کا)

آدھ۔ آواز۔ سُر۔

آدھمکنا۔ آجانا۔

آرسی بھون/آرسی دھام۔ شیش محل، آئینہ خانہ۔

آگے سے۔ پہلے سے، ابتدا سے۔

آنسو کی اوسیں چھانا۔ (کنایہ) آنسو کے قطرے پلکوں میں بھر جانا۔

آنسو پونچھنا/آنسو پچھنا۔ تسلی دینا یا ہونا، دلاسا دینا، ڈھارس بندھنا۔

آنکھ بھر کر دیکھنا۔ بری نظر سے دیکھنا، ٹیڑھی نظر سے دیکھنا، گھور کر دیکھنا۔

آنکھ لڑ جانا۔ عشق ہو جانا، فریفتہ ہو جانا۔

آنکھ مچَول/آنکھ مچولا/آنکھ مچولی۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام، فارسی میں "سر ماک و چشم بندک" کہا جاتا ہے۔

آنکھوں سے اوجھل ہونا۔ غائب ہونا، چھپ جانا۔

آنکھوں سے ملنا۔ عزت دینا، احترام کرنا۔

آنکھوں میں آنا۔ خیال یا دھیان میں آنا۔

آنکھوں میں پھرنا۔ بار بار یاد آنا، خیال لگا رہنا۔

آنکھیں بے ڈول دکھائی دینا۔ نظریں بدلی ہوئی معلوم ہونا۔

آنکھیں پھرانا۔ آنکھیں مٹکانا، آنکھیں نچانا۔

آنکھیں ملا کے دیکھنا۔ آنکھیں سامنے کر کے دیکھنا۔

آنکھیں ملنا۔ فرطِ محبت سے کسی چیز سے آنکھیں مس کرنا۔

آنندیں کرنا۔ موج کرنا، خوشیاں منانا۔

آؤ بھگت۔ عزت، قدر و منزلت، تعظیم۔

آؤ جاؤ۔ شوخی، تیزی، پھرتی، چہل پہل، چلت پھرت کا انداز۔

الف

ابدھوت۔ جوگی، سنیاسی، فقیر، ڈھونگی، فریبی۔

اُبٹن/اُبٹن۔ اوپر کا چھتاؤ، بالائی، استرکاری۔

اُبھار کے دن۔ عہدِ جوانی، اٹھان کے دن۔

اپچھرا۔ اندر سبھا میں ناچنے والی پری، اپسرا۔

اپنا کیا آپ پانا/اپنا کیا پانا۔ اپنے کیے کی سزا بھگتنا، ندامت اٹھانا۔

اپنی سی کرنا۔ حتی المقدور کوشش کرنا۔

اپنی گڑیا(ں) سنوارنا۔ اپنی حیثیت کے مطابق بیٹی کا بیاہ کرنا۔

اپنے آپ میں پھولا نہ سمانا۔ ناز کرنا، فخر کرنا، بہت خوش ہونا۔

اپنے پرائے۔ دوست و دشمن۔

اپنے جی سے باتیں کرنا۔سوچنا،خودکلامی۔

اُتار۔نشیب،ڈھلان۔

اتنی سی۔معمولی،تھوڑی سی،ذراسی۔

اتیت۔سادھو،جوگی،چیلا،جٹادھاری،سنیاسی،شاگرد، وتروش۔

اتیت بنانا۔چیلا بنانا،سادھو بنانا،شاگردی میں لینا، فقیری عطا کرنا۔

اٹھانا۔لڑکی کو بیاہ کر کے رخصت کرنا،وداع کرنا۔

اٹکھیل (اٹھکھیل) پن۔چنچل پن،شوخی،طراری، اچپلاہٹ۔

اٹھ جانا۔چلا جانا،رخصت ہونا۔

اٹھتی ہوئی کونپل۔نوخیز،نوعمر،عنفوانِ شباب۔

اٹھ کھڑا ہونا۔جی اٹھنا،زندہ ہونا۔

اٹھنا۔بھاگنا،بیدار ہونا۔

اجڑا ہوا۔تباہ حال،افسردہ،مغموم۔

اجڑی۔خستہ حال،برباد،رنجیدہ،افسردہ۔

اچپلی۔چنچل،شوخ۔

اچپلاہٹ۔شوخی،طراری،چنچل پن،چلبلاہٹ۔

اچرج۔انوکھا،اچنبھا،حیرت،تعجب۔

اُچکا۔بدمعاش،اٹھائی گیرا۔

اچنبھے کی بات۔حیرت انگیز بات،تعجب خیز بات۔

اچھا۔خیر۔

اچھاپن/اچھاپنا۔خوبصورتی،حسن و خوبی،نیکی،خوش اخلاقی،حسن۔

اچھا کہنا۔ماننا،اقرار کرنا۔

اچھمن بچھمن۔نزاکت،لطافت،حسن و جمال،خوبی۔

اچھی گھڑی۔مبارک گھڑی،نیک ساعت۔

اچھے دن آنا۔نصیب جاگنا۔

اُداہٹ۔اوداپن،مستی کا رنگ۔

اُدھر۔خلا،خالی جگہ،فضا،درمیان،بیچوں بیچ۔

اُدھلی پھرنا۔زمین پر پاؤں نہ رکھنا،جوشِ جوانی میں اِدھر اُدھر پھرنا۔

ادھ موا۔نیم مردہ،نیم جان۔

اُڑو۔اور۔

اُڑتلا۔پناہ گاہ،اوٹ،آڑ۔

اُڑ چلنا۔مغرور ہونا،غرور کرنا،اترانا،حد سے گزر جانا۔

اڑنا۔آمادہ ہونا،قائم رہنا،اٹکنا،پھنسنا،اچھلنا۔

اُڑن کھٹولا۔ہوا پر اڑتے یا پرواز کرنے والا کھٹولا۔

اُڑن گھائی کرنا۔انگلیاں مٹکانا،انگلیوں کو نچا نچا کر یا مٹکا مٹکا کر ہنسی مذاق کا انداز پیدا کرنا۔

اساوری۔ایک راگنی کا نام جس میں گ،دھ اور نی کومل سُر ہوتے ہیں۔

اساوری۔ایک قسم کے عمدہ اور سنہرے ریشمی کپڑے کا نام،جس کے بانے میں زرد،سرخ اور سبز پٹریاں اور تانے میں سنہری تار ہوتے ہیں۔

اُکت۔خواہش،ترکیب،حسرت،طریقہ۔

اُکت سوجھنا۔سمجھ میں آنا،خواہش ہونا۔

اکڈال۔ایک قسم کی پیش قبض یا کٹار جس کا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے یا کسی ایک ہی دھات کا ہو،بے جوڑ، یکساں،بغیر جوڑ لگا ہوا،بے میل،خالص،پورا،جڑ

سے چوٹی تک۔

اکڑ تکڑ۔غرور، گھمنڈ، آن بان، بانکپن، جوش، امنگ۔

اکلوتا۔اکیلا، اپنے والدین کا ایک ہی بیٹا، بن بھائی بہن کا۔

اکلوتی۔اکیلی، اپنے والدین کی ایک ہی بیٹی، بن بھائی بہن کی۔

اکھاڑا۔مریدوں کا گروہ، بھیڑ، اجتماع، راجا اندر کے درباری۔

اکٹھا کرنا۔تسلی دینا، دلاسہ دینا۔

اگلا/اگلی/اگلے۔ا۔گذشتہ، پہلا، متقدم۔۲۔بڑھ چڑھ کر، برتر۔۳۔فریق ثانی، بالمقابل۔۴۔پرانا، سابقہ۔

اُلجھی سلجھی۔پیچیدہ، پیچ در پیچ۔

الھڑ۔نادان، کم سن، سادہ مزاج، ناتجربہ کار۔

الھڑپن/الھڑپنا۔سادگی، نادانی، بھول پن، کم سنی، لاابالی پن۔

امری۔آم کا پیڑ۔

امریاں۔آموں کا باغ۔

ان بندھا/ان بیدھا۔بے سوراخ، بن پرویا۔

انٹی۔انگلیوں کا درمیانی فرق، پھینٹا، گھائی، چھپانے یا قابو میں کرنے کی جگہ۔

انٹیوں میں کرنا۔دھوکا دینا، اڑانا، چھپانا۔

اَنجن کرنا۔سرمہ لگانا۔

اِندر۔ہندوؤں کے ایک مشہور دیوتا کا نام۔

اندرآسن۔راجا اندر کا تخت، اندر سبھا۔

اندر کا اکھاڑا۔راجا اندر کی سبھا یا محفل جس میں ارباب نشاط ناچتے گاتے رہتے ہیں۔

اندرلوک۔پرستان، بہشت، اندرستھان۔

اندھیری کوٹھری۔تاریک مکان، (مراد) قید خانہ۔

انکھڑی۔پیاری اور خوبصورت آنکھ۔

انگڑانا۔انگڑائی لینا۔

انگلیاں نچانا۔انگلیوں کی حرکت سے اپنی بات میں وزن پیدا کرنا، ناچتے یا گاتے میں انگلیوں کے اشاروں سے گیت کے الفاظ کا روپ دکھانا۔

انگلی کے پورے بھر۔تھوڑا، ذرا سا، معمولی۔

انگلی میں ڈالنا۔انگلی میں پہننا۔

انگوٹھی پہنانا۔بطور نشانی کسی کے ہاتھ کی انگلی میں اپنی انگوٹھی ڈالنا۔

انگوٹھیاں ہیر پھیر کرنا۔شادی کا پکا وعدہ کرنا۔

انندیں کرنا/آنند کرنا۔مزے اڑانا، عیش کرنا، چین سے بسر کرنا۔

انوپ۔بے مثل، یکتا۔

اُنیندا۔نیند میں بھرا ہوا، خواب آلودہ۔

اوبھار/ابھار۔جوانی، شباب، اٹھان، نمود، جوش۔

اوبھرنا/ابھرنا۔جوش میں آنا، حد سے تجاوز کرنا۔

اوبھنا/ابھنا/اوبنا/ابنا۔اکتانا، گھبرا جانا۔

اوبٹن/ابٹن/ابٹنا۔خوشبودار مسالے سے تیار کردہ تیل اور بیسن کا مرکب، جسے دولہا دلہن کے جسم پر شادی سے پہلے خوشبو اور نرماہٹ کے لیے ملا کرتے ہیں۔

اوتار۔دیوتا۔

اوٹ کرنا۔ پردہ کرنا، آڑ کرنا۔
اوٹھتی ہوئی کونپل/اٹھتی کونپل۔ اٹھتی جوانی، نوجوان، جوانی کا آغاز۔
اوجالا۔ رونق، روشنی، زینت۔
اوجیالی/اوجیالا۔ روشنی، اجالا۔
اُوچک/اُچک۔ اُچکا، ٹھگ، اٹھائی گیرا۔
اوداہٹ/اداہٹ۔ نیلاہٹ، اوداپن۔
اودھلنا/اُدھلنا۔ آپے سے گزرنا، جوش مستی میں آپے سے باہر ہونا۔
اودھو۔ کرشن کے ایک نہایت گہرے دوست کا نام۔
اوڑان گھاٹی/اڑان گھاٹی۔ دھوکا، فریب، دو انگلیوں کے بیچ کی جگہ میں کوڑی یا گولی رکھ کر چھپانے کی حالت۔
اور۔ دیگر، دوسرا۔
اَور۔ مگر، لیکن۔
اور۔ دوسری، دیگر، غیر، دوسرے، پرائے، دیگر چیز۔
اور۔ مزید، زیادہ، اس کے علاوہ، اس کے سوا۔
اور۔ صرف، فقط۔
اور۔ اگر۔
اور۔ اس پر، مزید۔
اور۔ بلکہ۔
اوراور۔ بکثرت، بے شمار، بہت زیادہ، طرح طرح کی۔
اورڈھب سے۔ برے طریقے سے، بری نظر سے، غلط انداز سے۔
اورہی۔ دوسرا، دیگر۔

اوس پڑ جانا۔ شرمندہ ہونا، بجھ جانا، ناامیدی غالب آ جانا۔
اوس چھانا۔ تربتر ہونا، نم ہونا۔
اوکت/اُکت۔ نئی بات، انوکھی بات، تدبیر، حکمت۔
اولجھا سلجھا/اولجھی سلجھی۔ بے ترتیب، پیچیدہ، الٹا سیدھا، مبہم، پیچ در پیچ، گتھی دار۔
اومنگیں چھانا/اُمنگیں چھانا۔ جوش و ولولہ بھرنا، شوق کا غلبہ کرنا۔
اونچا چڑھ جانا۔ بلند مرتبہ ہو جانا۔
اونچے پر چڑھ جانا۔ عروج حاصل کرنا، ترقی کرنا، دولت مند ہو جانا۔
اونگھنا۔ نیند میں جھونکے لینا، خوابآلودہ ہونا، جھپکی لینا۔
اونگلیاں نچانا/انگلیاں نچانا۔ نقل اتارنا، چھیڑنا، چڑانا۔
اونیدا/اُنیدا/انیندا۔ اونگھنا، خمار آلود، نیند کا مارا۔
اونیداپن/اُنیداپن/انینداپن۔ نیم خوابی، غنودگی، خواب آلودگی، نشے کی حالت۔
ایرابت/ایراپت/ایراوت۔ راجا اندر کے سفید ہاتھی کا نام، جس کے چار دانت تھے۔
ایسر۔ دولت، خدا۔
ایسری۔ دولت سے متعلق، خدائی۔
ایسری باچا/ایشوری واچا/ایشورہ باچا۔ خدائی کلام، (مراد) وید وغیرہ کا اشلوک جس کا ورد یا جاپ کیا جاتا ہے، یہ منتر اتشا نے گڑھا ہے۔
ایک آنکھ کی جھپک میں۔ فوراً، ذرا دیر میں، پل بھر میں۔
ایک پکا ہے۔ چھٹا ہوا بدمعاش ہے، بڑا خرانٹ اور

کھاگ ہے۔

ایک سے ایک۔ بہتر سے بہتر، حسین سے حسین تر۔

ایمن کلیان۔ ایک راگنی کا نام، جو ایمن اور کلیان راگ کی آمیزش سے بنتا ہے۔

ب

باپ دادا۔ بزرگ، بڑے بوڑھے، آباؤاجداد۔

بات۔ کام، خواہش، آرزو۔

بات۔ قصہ، کہانی، داستان۔

بات آنا۔ شادی کا سوال پڑنا، رشتے کا سلسلہ چلنا۔

بات پچنا۔ بات کا پوشیدہ رکھا جانا، بات ہضم ہونا۔

بات ٹھہرانا۔ ۱۔ تجویز قرار پانا، کسی امر کا تعین کرنا۔ ۲۔ نسبت کرنا، منگنی کرنا، رشتہ قائم ہونا۔

بات چیت۔ ۱۔ گفتگو، گفت وشنید۔ ۲۔ تعلق، رشتہ، لگاؤ، میل جول۔

بات کی بات میں۔ آناً فاناً، فوراً، جلد، ذرا دیر میں، یونہی، چشم زدن میں۔

بات ماننا۔ بات تسلیم کرنا، راضی ہونا۔

بات منہ پر لانا۔ سامنے کہنا، روبرو ہو کر بات کہنا۔

بات (باتیں) دوہرانا۔ کہی ہوئی بات کو بیان کرنا، (مراد) آپ بیتی کہنا۔

باتیں آنا۔ رشتے آنا، شادی کے پیغام آنا۔

باتیں سلجھانا۔ فیصلہ کرنا، معاملہ نپٹانا، رفع دفع کرنا۔

باتیں کھولنا۔ راز ظاہر کرنا، بھید کھولنا۔

باراہ۔ وشنو کا تیسرا مظہر، جو سور کی شکل میں ظاہر ہوا تھا، سور۔

باس۔ خوشبو، مہک۔

باسدیو۔ یدبنشیوں کے مشہور اور بہادر خاندان کا ایک راجا۔

باسن۔ برتن، بھانڈا۔

باگا۔ دولہا کا جوڑا، پوشاک۔

باگیری۔ ایک راگنی کا نام۔

بال بال گج (گچ) موتی پرونا۔ خوب آراستہ پیراستہ کرنا، مکمل طور سے آراستہ کرنا۔

بال بیکا نہ ہونا۔ صدمہ نہ پہنچنا، نقصان نہ ہونا، صحیح سلامت ہونا۔

بالی۔ چھوٹی، لڑکی، کم سن۔

بامھن (باہمن)۔ پروہت، پنڈت، خاندان کا گرو۔

باون۔ بونا، ٹھگنا، وشنو کا پانچواں اوتار۔

باون تولے پاؤ رتی۔ علم کیمیا کی ایک اصطلاح، عمدہ، جوں کا توں، (مراد) خالص سونا۔

باون روپ۔ وامن روپ، وشنو بھگوان کا پانچواں مظہر۔

باؤ۔ ہوا، پون۔

باؤ بھک۔ غرور، خردماغی۔

باؤ کی گھوڑے کی پیٹھ لاگنا۔ ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا، بہت تیزی سے روانہ ہونا۔

باؤلی۔ چالاک، تیز، مکار۔

باؤلی چڑیا۔ نادان، سادہ مزاج، ناتجربہ کار، کم عقل، مکار۔

باہر کی بولی۔ غیر ملکی زبان۔

بپت۔ مصیبت، بپتا، دکھ، تکلیف۔

بپتا مارا/ بپت کا مارا۔ مصیبت زدہ، دکھیا، ستم رسیدہ، پریشان، آفت کا مارا۔

بتیس گھڑی۔ رات دن۔

بجرا۔ ایک متوسط درجے کی گول اور خوش نما کشتی جس میں امیر لوگ بیٹھ کر دریا کی سیر کرتے ہیں۔

بچارے ہونا۔ سوچنا، غور کرنا۔

بچاؤ کرنا۔ حفاظت کرنا، بچنا۔

بچھونا کرنا۔ بستر لگانا۔

بدا/ بدی/ بدے۔ طے شدہ، نصیب، قسمت۔

بدی ہونا۔ مقدر میں ہونا، قسمت کا لکھا ہونا۔

براجنا۔ رونق افروز ہونا، تشریف رکھنا، بیٹھنا۔

برج۔ متھرا اور برنداون کے آس پاس کا علاقہ جہاں سری کرشن لیلا کیا کرتے تھے۔

برسانا۔ ضلع متھرا کے ایک گاؤں کا نام جہاں رادھا پیدا ہوئی تھی۔

بروگ۔ ہجر، جدائی، فراق۔

بروگ لینا۔ جدائی سہنا، ہجر و فراق کے دن گزارنا، جوگ لینا، علیحدگی اختیار کرنا۔

بری بھلی سوجھنا۔ نیک و بد کی تمیز ہونا، ہوشیار ہونا۔

بری گت ہونا۔ خراب حالت ہونا، انجام بد ہونا۔

برے دن۔ برا وقت، مصیبت کا زمانہ۔

بڑبڑانا۔ زیر لب کہنا، چپکے چپکے بکنا۔

بڑبولا/ بڑھ بولا۔ شیخی بگھارنے والا، بڑھ چڑھ کر باتیں بنانے والا، شیخی خورا، ڈینگیا۔

بڑی۔ بہت، زیادہ۔

بڑھ جانا/ بڑھ چلنا۔ عروج حاصل کرنا، ترقی کرنا، دیر ہو جانا، جوان ہونا، آگے نکلنا، بے تکلف ہو جانا، زور بیان کا مظاہرہ کرنا، حیرت میں ڈالنا۔

بستر۔ لباس، پوشاک، کپڑے۔

بس کر لینا۔ قابو میں کرنا، اپنے اختیار میں کرنا۔

بس کر لینا۔ فتنہ برپا کرنا، جھگڑا کر لینا۔

بسنا۔ آباد ہونا۔

بکنا۔ بکواس کرنا، بک بک کرنا۔

بکھرا بکھرا جانا/ بکھرا جانا۔ قابو سے باہر ہونا، گرا جانا، لڑکھڑانا۔

بکھرا ہوا۔ منتشر، پراگندہ۔

بکھیڑا۔ جھگڑا، تنازعہ، داستان، قصہ، کھڑاک، تماشا، معاملہ، الجھاؤ۔

بکھیڑے میں پڑنا۔ عذاب میں پھنسنا، پریشانی میں پڑنا۔

بگ چٹ۔ سرپٹ، باگ چھوڑ کر، مطلق العنان۔

بگھمبر/ بگھمبر/ باگھمبر۔ شیر کی کھال۔

بگولا۔ ہوا کا گولا، ہوا کا چکر، گرد باد۔

بل۔ زور، طاقت، قوت۔

بلاس۔ عیش، آرام، خوشی، سوانگ، تماشا۔

بلاولی۔ ایک راگنی کا نام جس میں سب سُر شدھ ہوتے ہیں۔

بل بے۔ آفریں، شاباش، واہ وا، واہ رے۔

بلدیو۔ ایک دیوتا جو باسدیو دیوتا کے نصف اقتدار کا

مالک مانا جاتا ہے۔

بَن۔ جنگل، صحرا، بیابان۔

بِن۔ بغیر، بجز، سوا۔

بَن آنا۔ ممکن ہونا۔

بِن مانگے تانگے۔ بلا طلب، (مراد) جلدی، فوراً۔

بناسپتی۔ نباتات، جڑی بوٹی، سبزی، گھاس پھوس۔

بنانا۔ پیدا کرنا، تخلیق کرنا۔

بنانے والا۔ پیدا کرنے والا، خالق۔

بناؤ۔ آرائش، سجاوٹ، ٹیپ ٹاپ۔

بنایا ہوا۔ پیدا کیا ہوا، مخلوق۔

بنائی ہوئی بات۔ جھوٹی بات۔

بِن بیاہی۔ کنواری، جس کا بیاہ نہ ہوا ہو۔

بندرابن۔ ضلع متھرا کے ایک مشہور شہر کا نام، جہاں سری کرشن نے اپنی لیلاؤں یا کرشموں کا مظاہرہ کیا تھا۔

بندی۔ لونڈی، کنیز، خادمہ۔

بندھ۔ (مراد) غلام، لونڈی۔

بندھن (بندن) وار۔ آم کے پتوں اور مختلف پھلوں اور پھولوں کا ہار جس کو خوشی کے مواقع پر دروازوں پر باندھا جاتا ہے۔

بندھوں۔ لونڈیاں، کنیزیں۔

بنسی بَٹ۔ بندراون میں برگد کا وہ درخت جس کے نیچے سری کرشن بنسی بجایا کرتے تھے۔

بوڑھا گھاگ۔ تجربہ کار بوڑھا، بوڑھا خرانٹ۔

بولنا چالنا۔ بات چیت کرنا، گفتگو کرنا۔

بولنا چکرونا۔ ایک قسم کی آتش بازی، ہوائی، گولوں میں سے نکل کر فضا میں پھٹنے والا پٹاخہ، جو مختلف رنگ اور شکل کا ہوتا ہے۔

بولیاں ٹھولیاں مارنا۔ طعنے دینا، آوازے کسنا، مذاق اڑانا۔

بہاگ (پہاگ)۔ ایک راگ کا نام جو آدھی رات کے بعد گایا جاتا ہے۔

بہلانا پھسلانا۔ سمجھانا، راضی کرنا۔

بیاہنا۔ شادی بیاہ کرنا۔

بیاہنے چڑھنا۔ شادی کرانے کے لیے جانا، بارات لے کر جانا۔

بیتنا۔ درپیش ہونا، گزرنا۔

بیٹا کرنا۔ بیٹا بنانا، کسی کو گود لینا۔

بے ٹھکانا۔ اِدھر اُدھر، فضول، بے ترتیب۔

بیٹھے بیٹھے۔ اچانک، یکا یک۔

بے دھڑک۔ بے خوف، بے تکلف۔

بے ڈول۔ بدنما، بھونڈی، برے حال، بے ڈھنگے پن سے۔

بے سرا۔ بے ترتیب، فضول، لغو۔

بے سری۔ بے موقع، خلاف قاعدہ۔

بیڑا اوٹھانا۔ عہد کرنا، عزم کرنا، ٹھاننا، تہیہ کرنا۔

بے کلی۔ بے چینی، بے قراری۔

بین۔ ستار یا طنبور کی قسم کا ایک باجا، تونبے سے بنا ہوا منہ سے بجایا جانے والا ساز۔

بھاکھا/ بھاشا/ بھاکا۔ زبان، بولی (مراد) سنسکرت زبان۔

بھاکھاپنا۔ سنسکرت آمیزی، سنسکرت پن۔

بھاگ۔ قسمت، نصیب، مقدر۔

بھانا۔ پسند آنا، بھلا لگنا۔

بھانڈ۔ مسخرا، نقال، سوانگ بھرنے والا۔

بھاؤ بھک۔ غرور، گھمنڈ، خودستائی۔

بھاؤ تاؤ۔ کیفیت، حالت، نرت کاری۔

بھاویں۔ توجہ، دھیان، اثر، (مجازاً) پسندیدہ۔

بھبھاس گر۔ وبھاس، ایک راگ کا نام جو صبح کے وقت گایا جاتا ہے۔

بھبھوت/ بھبوت۔ شیو کی مورتی کے سامنے جلنے والی آگ کی راکھ جو جوگی اور سنیاسی اپنے جسم پر ملتے ہیں۔

بھٹکانا۔ سرگرداں پھرنا۔

بھجن۔ پوجا، عبادت، حمدیہ نغمہ جس میں بھگوان یا کسی دیوی دیوتا کی تعریف کی گئی ہو۔

بھرتری۔ ایک مشہور قواعد نویس اور شاعر (بھرت ہری)۔

بھرنا۔ پورا کرنا، مکمل کرنا۔

بھری بھتولی/ بھرا بھتولا۔ لبالب، لبریز، بھری ہوئی، بھرپور، سرسبز و شاداب۔

بھڑک۔ چمک، روشنی، حیرت، وحشت۔

بھگت پھوڑا/ بھگت پھوڑی۔ بھگتی کو ظاہر کرنے والا، زہد واتقا کو ظاہر کرنے والا۔

بھگت پھوڑی منتری۔ عمل کا توصیفی نام، ایک قسم کے جاپ کا تاثیری نام۔

بھکلیا۔ سوانگی، بہروپیا، گویا۔

بھلا۔ ۱۔ کیا مجال، کیا مقدور۔ ۲۔ کلمۂ ایجاب، ہاں، اچھا۔ ۳۔ نیک، شریف۔ ۴۔ ایک کلمہ زائد۔

بھلا لگنا۔ اچھا معلوم ہونا۔

بھلاوا۔ فریب، مغالطہ، بہکاوا۔

بھلاوے میں ڈالنا۔ فریب دینا، جھانسا دینا، دھوکا دینا، بہکائے میں لانا۔

بھنڈ تال۔ بھانڈوں کا ایک مخصوص گیت جو تالیاں بجا بجا کر گایا جاتا ہے۔ ایک قسم کا ناچ جس میں تالیاں پیٹی جاتی ہیں۔

بھوت۔ شیطان، خبیث۔

بھولیا/ پھولیا۔ چھوٹا بجرا، تفریحی کشتی۔

بھون۔ مقام، گھر، محل، دیوی کا استھان۔

بھونرا۔ تہ خانہ (مراد) چھپا ہوا خزانہ۔

بھونری/ بھونرے/ بھونرا۔ چکر، پھیرا، شادی کی رسم جو ہندوؤں میں پھیرے کہلاتی ہے۔

بھیجا ہوا۔ پیغمبر، رسول۔

بھید پانا۔ راز معلوم ہونا، خفیہ بات کا پتہ پانا۔

بھیروں۔ چھ راگوں میں سے ایک راگ۔

بھیروی۔ بھیروں راگ کی پانچ راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام۔

بھیڑ بھاڑ۔ کثرت، بہتات، زیادتی، مجمع، جمگھٹ۔

بھیڑ بھڑکا۔ ہجوم، چہل پہل، ازدہام، فوج، لشکر۔

بھیگتی مسیں۔ سبزہ آغاز ہونے کی کیفیت و حالت۔

بھینا۔ ہلکا، لطیف۔

بھینا بھیناپن۔ لطافت، ہلکاپن، خوشبو کا سوندھاپن۔

بھیے/ بھئی/ بھیا۔ ہوئے، ہوئی، ہوا۔

پ

پاپی۔ گنہگار، (مجازاً) بدمعاش، لفنگا۔

پات۔ برگ، پتا۔

پاٹ۔ دریا کی چوڑائی۔

پاربتی۔ پاروتی، ہمالہ پہاڑ کی دختر کا نام۔ ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام۔

پارجات کا پودھا (پودا)۔ ایک مقدس درخت کا نام جو بہشت میں اِندر کے نندن نامی باغ میں ہے۔

پان۔ پان سے مشابہ ایک قسم کی آتش بازی۔

پاؤں پر گر پڑنا۔ قدموں پر سر رکھنا، خوشامد کرنا۔

پاؤں پر گرنا۔ قدم بوسی کرنا، نہایت تعظیم سے پیش آنا، احسان مندی کا اظہار کرنا۔

پاؤں پڑنا۔ خوشامد کرنا۔

پاؤں پوجنا۔ احترام کرنا، پابوسی کرنا، لائق پرستش سمجھنا۔

پاؤں تلے ہونا۔ تابع ہونا، مطیع ہونا۔

پاؤں رکھنا۔ آغاز کرنا، داخل ہونا۔

پتا کھلنا۔ پتہ چلنا، بھید کھلنا۔

پتر۔ ورق، سونے چاندی وغیرہ کی پرت۔

پُتلا۔ مورت، مجسمہ۔

پتھر کی مُورت بن جانا۔ (اساطیری کہانیوں کی ایک سزا) کسی غلطی کی بنا پر جسم کا پتھر بن جانا۔

پتے کھولنا۔ دل کی بات بتانا، بھید کھولنا، منشا ظاہر کرنا۔

پُٹ/ پُٹھ۔ آمیزش، ملاوٹ، میل۔

پٹاخے پھوٹنا۔ آتش بازی چھٹنا۔

پٹک مارنا۔ حوالے کرنا، شادی کرنا، بیاہ کرنا، پھینک دینا۔

پٹکا۔ لمبا چوڑا اپٹا۔

پٹھیا۔ کٹیا، بچھیا۔

پچنا۔ ہضم ہونا، برداشت ہونا، (مراد) رنجیدہ ہونا۔

پدمنی۔ نہایت نازک اندام اور خوبصورت عورت۔

پر۔ لیکن، مگر۔

پرانا دھرانا۔ بڑی عمر کا آدمی، پیر، سِن۔

پڑپڑانا۔ خشک ہو جانا، پپڑی جمانا۔

پرج۔ چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام۔

پرس رام/ پرشورام۔ وشنو کا وہ روپ جو اس نے دنیا میں آنے کے لیے اختیار کیا۔

پرلونا/ پرلو۔ ایک قسم کا ناچ، لڈو کی قسم کا ناچ۔

پرے۔ دور، اُدھر، فاصلے پر۔

پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ، خواندہ۔

پڑھنت کرنا۔ ورد کرنا، منتر پڑھنا، جادو کا وظیفہ کرنا۔

پس جانا۔ دب جانا، کچل جانا، رگڑ جانا۔

پسیجنا۔ ترس کھانا، رحم کرنا، نرم پڑنا۔

پکار دینا۔ اعلان کر دینا، منادی کرنا، اطلاع دینا۔

پکانا ریندھانا۔ کھانا تیار کرنا، کھانا پکانا۔

پکا۔ عیار، گھاگ، چالاک، خرانٹ۔

پکھراج۔ زبرجد، ایک قسم کا خوش رنگ بیش قیمت جواہر۔

پکھروٹا۔ عمدہ قسم کا پان، عمدہ پتا، سونے چاندی کا ورق۔

پنچھالا۔ دُم چھلا۔ پیچھے پڑ جانے والا۔

پنسیری۔ پانچ سیر کا باٹ (یہاں پنسیر یوں بمعنی بہت، لاتعداد، بے شمار)

پوت۔ لڑکا، فرزند۔

پوتھی۔ کتاب، بیاض۔

پورا/پور/پوروا۔ انگلی کی گرہ، دو گانٹھوں کے درمیان کا حصہ، انگلی کا جوڑ۔

پہاڑتلی۔ دامنِ کوہ، پہاڑ کے نیچے کا میدان، وادی، پہاڑ کی تلیٹی۔

پیارا۔ محبوب، حبیب (یعنی محبوب خداؐ)

پیٹ میں بات نہ پچنا۔ بات چھپا نہ سکنا، بغیر کہے نہ رہ سکنا۔

پیٹھ۔ پیچھے، پشت۔

پیٹھ لاگنا/پیٹھ لگنا۔ سوار ہونا، اوپر بیٹھنا، پیٹھ پر چڑھنا۔

پیچھالا۔ پیچھے پڑ جانے والا، ستانے والا، پچھ لگو، ساتھ لگا رہنے والا۔

پیچھے۔ ۱۔ تعاقب میں۔ ۲۔ بعد میں۔ ۳۔ بعد، پیٹھ، پیچھے۔ ۴۔ پُشت۔

پیچھے پڑنا۔ تعاقب کرنا، پیچھا کرنا۔

پیچھے لگ جانا۔ ہر وقت ستانا، قدم قدم پر دق کرنا۔

پیڑھی۔ کرسی نما کھٹولی، چوکور چھوٹی سی کھٹولی۔

پیسا۔ (مجازاً) جزیہ، ٹیکس۔

پینگیں چڑھانا۔ جھولے میں جھونکا دینا، جھولے کا لمبا جھونک لینا۔

پھ

پھانس۔ آزار، عذاب، جنجال، خلش، کھٹکا، اندیشہ۔

پھانس ہونا۔ چبھنا، تکلیف دہ ہونا۔

پھبن۔ سجاوٹ، خوش نمائی، زیبائش، خوبصورتی۔

پھنٹ کر۔ اکیلا، تنہا، پھُنکل۔

پھٹے مونہ (منھ)۔ کلمۂ نفریں، تُف، لعنت، تھو۔

پھر آنا۔ واپس آنا، لوٹنا۔

پھرنا چلنا۔ گھومنا، اِدھر اُدھر جانا۔

پھُرتی سے۔ فوراً، جلد، جلدی سے۔

پھل جھڑی۔ آتش بازی کی قلم جسے چھڑانے سے آگ کے پھول جھڑتے ہیں۔

پھلواری۔ گلزار، چمن زار، چمنستان۔

پھلیل۔ خوشبودار تیل۔

پھنکنا۔ جھلسنا، جلنا، تھوڑا سا جلنا۔

پھننگ/پھلنگ۔ درخت کی چوٹی، درخت کا بالائی حصہ۔

پھوٹنا۔ جدا ہونا، الگ ہو جانا۔

پھوڑنا۔ ظاہر کرنا۔

پھولوں کی چھڑی۔ شاخ گل۔

پھولے نہ سمانا۔ نہایت خوش ہونا۔

پھونک دینا۔ نذرِ آتش کر دینا، جلا ڈالنا۔

پھیر۔ فرق۔

پھیری۔ ایک سو آٹھ پھل وغیرہ کا بطور ثواب صدقہ اتارنا۔

پھیرے واری ہونا۔ صدقہ ہونا، تصدق ہونا۔
پھیلاوا۔ شان وشوکت، ٹھاٹھ، سجاوٹ، آرائش، بکھیڑا، کام دھندے کی بہتات۔
پھیلاوٹ۔ آرائش، سجاوٹ، آن بان، وسعت، اندازہ۔

ت

تاڑنا۔ بھانپنا، سمجھ جانا، جاننا، پہچاننا۔
تاکنا۔ دیکھنا، تاڑنا۔
تاگی۔ سوتی، سوتی ڈور۔
تاؤ بھاؤ۔ تیزی، کر وفر، اکڑ تکڑ، ناز نخرہ، اداکاری۔
تاؤ بھاؤ دکھانا۔ رعب میں لینا، دبدبہ دکھانا، دھاک باندھنا۔
تبلا/طبلہ۔ تال دینے کا ایک رُخا مشہور باجا جس میں لکڑی کے لمبے اور کھوکھلے کونڈ پر گول چمڑا منڈھا رہتا ہے۔
تجنا۔ ترک کردینا، چھوڑ دینا۔
تد۔ تب، اس وقت۔
ترپولیا۔ سہ درا، تین دروازوں والا، بڑا پھاٹک جس میں سے شاہی جلوس گزرے۔
ترنا۔ پار اترنا۔
ترّاوا۔ خوش پوشاکی، رنگیلا پن، خودنمائی۔
تڑکا۔ بہت سویرے، علی الصباح۔
تلپٹ کرنا۔ برباد کرنا، تباہ کرنا، اجاڑ دینا۔
تلملانا۔ بے چین کرنا، بے قرار ہونا، تڑپنا۔
تلوے سہلانا۔ مائل کرنا، رجھانا۔
تمتمانا۔ چہرہ سرخ ہوجانا۔
تَوڑا۔ ۱۔ زنجیر پا، پاؤں اور گلے کا ایک زیور۔ ۲۔ تھیلی، روپوں سے بھری ہوئی تھیلی۔
تیسا۔ اسی طرح، اس کے موافق۔
تیسوں گھڑی۔ ہر وقت، ہر لحظہ، رات دن، چوبیسوں گھنٹے۔
تیل پھلیل۔ خوشبودار تیل۔
تیوری چڑھانا۔ ماتھے پر بل ڈالنا، چیں بہ جبیں ہونا، ترش رُو ہونا۔
تیوری چڑھنا۔ ماتھے پر شکن ہونا، آزردگی اور خفگی کی علامت کا ظاہر ہونا۔

تھ

تھامنا۔ سنبھالنا، انتظام کرنا۔
تھرتھراہٹ۔ دہشت، ڈر، خوف۔
تھرکنا۔ ناچنا، مٹکنا۔
تھَکّا۔ جمی ہوئی چیز، ڈلا، پگھلی ہوئی چاندی۔
تھل بیڑا نہ ملنا۔ کنارے یا سرے کا پتہ نہ چلنا، سراغ نہ لگنا۔
تھلک۔ چمک، روشنی، جھلملاہٹ۔
تھلکا دینا۔ ہلا ڈالنا، لرزا دینا۔
تھمنا۔ سنبھالنا، انتظام ہونا، بندوبست ہونا۔
تھم نہ سکنا۔ قابو میں نہ ہونا، اختیار سے باہر ہونا۔

ٹ

ٹالنا۔ دفع کرنا، دور کرنا۔

ٹانکنا۔ آویزاں کرنا، موتی وغیرہ کو سوئی تاگے سے کسی چیز پر لگانا۔

ٹپکا۔ پیڑ کا پکا آم جو از خود ٹپک پڑتا ہے۔

ٹپک پڑنا۔ آ دھمکنا، آ جانا، آ پہنچنا۔

ٹپکے کا ڈر ہے۔ آفت اور مصیبت آنے کا خوف ہے۔

ٹٹی۔ شادی بیاہ کے موقع پر تختوں پر سجائے ہوئے پھول۔

ٹٹولنا۔ عندیہ لینا، بھید لینا، تلاش کرنا، ڈھونڈنا۔

ٹڈی۔ ایک قسم کا پردار کیڑا۔

ٹک۔ ذرا۔

ٹوڑی/ٹوڈی۔ سمپورن راگ کی ایک راگنی جسے بھیرو راگ کی زوجہ تسلیم کیا جاتا ہے۔

ٹہوکا/ٹھوکا۔ دھکا، اشارہ، (مجازاً) ضرب یا چوٹ، صدمہ۔

ٹہوکا کھانا۔ اثر لینا، چوکنا ہونا۔

ٹیسو۔ پلاس کا پھول، جس سے زرد رنگ حاصل ہوتا ہے۔

ٹھ

ٹھاٹھ/ٹھاٹ۔ اسباب، دھوم دھڑکا، ہنگامہ، شان و شوکت۔

ٹھاٹھ باندھنا۔ جنگ کی تیاری کرنا، صف آرا ہونا، شان و شوکت ظاہر ہونا۔

ٹھاٹھ کرنا۔ انتظام کرنا، تیاری کرنا، عیش کرنا۔

ٹھاکر۔ رام چندر، دیوتا، بھگوان، (مجازاً) سردار۔

ٹھان لینا۔ پکا ارادہ کر لینا، نیت کر لینا۔

ٹھاننا۔ ارادہ کرنا۔

ٹھٹھولی کرنا۔ مذاق کرنا، چھیڑ کرنا، ہنسی مذاق کرنا۔

ٹھڈی کپکپانا۔ ٹھوڑی ہلانا، (مراد) ناز و انداز دکھانا۔

ٹھس جانا۔ سما جانا، داخل ہو جانا۔

ٹھکانا۔ جگہ، مقام، گھر، قیام گاہ۔

ٹھکانا لگ جانا۔ پتہ لگ جانا، پتہ چل جانا، سراغ مل جانا، کھوج ملنا۔

ٹھکانا نہ لگنا۔ پتہ نہ چلنا، سراغ نہ ملنا۔

ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں۔ خاموشی سے، چپ چاپ، بے چون و چرا۔

ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں چلے جانا۔ دفع ہو جانا، خوشی خوشی چل دینا، جان بچا کر روانہ ہو جانا۔

ٹھنڈی ٹھنڈی سانسیں بھرنا۔ آہِ سرد بھرنا۔

ٹھنڈی سانس۔ آہِ سرد، فریاد۔

ٹھنڈی سانس بھرنا۔ آہِ سرد بھرنا، افسوس کرنا، اف کرنا۔

ٹھنڈی سانسیں بھرنا۔ اوپر کا سانس کھینچنا، ہائے کرنا۔

ٹھور۔ جگہ، ٹھکانا، مقام۔

ٹھور رہنا۔ ٹھکانے لگ جانا، (کنایۃً) نہ بچنا، برباد ہو جانا۔

ج

جات۔ پھل، ثمر۔

جان بوجھ کر۔ عمداً، قصداً، دیدہ ودانستہ۔

جان لینا۔ واقف ہو جانا، سمجھ جانا۔

جاہی۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کے چھڑانے پر آگ کے چھوٹے چھوٹے خوشنما پھول جھڑتے ہیں۔

جپنا۔ ورد کرنا، نام لینا، یاد کرنا۔

جتانا۔ اظہار کرنا، آگاہ کرنا، خبردار کرنا، متنبہ کرنا، چتانا۔

جٹا۔ گندھے ہوئے لمبے بال۔

جَوَنتی/ جاجونتی/ جے جے ونتی۔ ایک راگنی کا نام۔

جد/ جدوں۔ جب۔

جڑاؤ۔ مرصع، جواہرات اور نگینوں سے جڑا ہوا۔

جدھر کو مونہ (منہ) پڑے گا۔ جس طرف خدا لے جائے گا، جس طرف کا رخ ہو جائے گا۔

جل بھن کے۔ پیچ وتاب کھا کے، غضب ناک ہو کر، رنجیدہ خاطر ہو کر۔

جل ترنگ۔ ایک قسم کا ساز جس میں پانی بھری پیالیوں کو چوب سے بجاتے ہیں۔

جماوٹ۔ سجاوٹ، آرائش، زیبائش، ٹھہراؤ، پائداری۔

جماؤ۔ ہجوم، انبوہ، ازدحام، اجتماع، بھیڑ۔

جماہتا۔ جماہی لیتا ہوا۔

جم جانا۔ بیٹھ جانا، ڈٹ کر بیٹھنا، اطمینان سے بیٹھنا۔

جمانا۔ جماہی لینا۔

جمگھٹ۔ ہجوم، انبوہ، مجمع۔

جن۔ آدمی، شخص، بشر۔

جنم اشٹمی/ جنم اشٹمیں۔ بھادوں کے مہینے کے اندھیرے پاکھ (ناقص النور) کی آٹھویں تاریخ جب شری کرشن چندر نے آدھی رات کے وقت جنم لیا تھا، جلوس یا میلہ۔

جنا/ جنی۔ جو جنا گیا ہو، پیدا شدہ، (مراد) مرد، عورت۔

جوبن۔ حسن، چڑھتی جوانی، شباب۔

جوت۔ چمک، دمک، رونق، روشنی۔

جوتی۔ ایک راگنی کا نام (مجازاً)۔

جوتی سروپ۔ نورانی چہرہ۔

جُوڑا۔ پوشاک، لباس۔

جوڑا۔ ساتھی، رفیق، شوہر، نر و مادہ، جُفت۔

جوڑا ملانا۔ ساتھی بنانا، نر و مادہ کا میل کرنا یا کرانا۔

جوڑ توڑ۔ ترکیب، تدبیر، برابری، ہم پلہ۔

جوڑ توڑ ٹٹولنا۔ رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے سے پیشتر زوج یا زوجہ سے متعلق معلومات حاصل کرنا۔

جوڑی۔ ایک طرح کی دو چیزیں۔

جوگ سادھنا۔ جوگی بننا، ترک دنیا کرنا، فقیری لے لینا۔

جونرا۔ کھیا، کٹھلا، (مراد) مال خانہ، خزانہ۔

جونرے بھونرے۔ خزانے، شاہی خزانے، مال خانے۔

جوں کا توں۔ اسی طرح کا، ویسا ہی، بالکل ویسا۔

جوہی۔ ایک قسم کی آتش بازی، جس کے چھوٹنے پر چھوٹے چھوٹے پھول سے جھڑتے دکھائی دیتے ہیں۔

جہاں تہاں۔ اِدھر اُدھر، بے ٹھکانے۔

جی۔ ۱۔ زندگی۔ ۲۔ اجی، جی ہاں، بہت خوب (طنزاً)۔ ۳۔ طبیعت، دل۔ ۴۔ جان۔

جی آنا۔ دل آ جانا، عاشق ہو جانا، دل کا مائل ہونا۔

(جی) اکٹھا کرنا۔ (دل کو) تسلی دینا۔

جی اوبھنا/ جی بھرنا۔ دل گھبرانا، دل پریشان ہونا۔

جی پر آنا۔ دل میں خیال پیدا ہونا، ذہن میں آنا۔

جی ترسنا۔ خواہش مند ہونا محتاج ہونا۔

جی ٹھہرنا۔ اطمینان ہونا، ڈھارس ہونا، دل کو سکون ہونا۔

جیتے اور مرتے۔ زندگی میں نیز مرنے کے بعد، ہمیشہ، سدا۔

جیتے جی۔ زندگی میں، زندگی بھر، تا حیات، عمر بھر۔

جی جانا۔ مرجانا، جان جانا۔

جی چاہنا۔ دل چاہنا، خواہش ہونا۔

جی چلا۔ بہادر، دلیر، منچلا۔

جی دان دینا۔ زندگی عطا کرنا، جان ڈالنا۔

جی رہ جانا۔ دل کو تسلی دینا، دل خوش ہونا۔

جیسا منہ ویسی تھپیڑ/ ویسا تھپڑ (تھپیڑا)۔ جو شخص جس لائق ہوتا ہے اس سے ویسا ہی سلوک کیا جاتا ہے۔

جی کانپنا۔ خوف معلوم ہونا، چہرے سے خوف یا اندیشے کے آثار نمایاں ہونا۔

جی کا گاہک۔ جان کا دشمن، جانی دشمن، جان کا بیری۔

جی کا گاہک ہونا۔ جان کا دشمن ہونا، مخالف ہونا۔

جی کو بھاوے پر منڈیا ہلائے۔ دل تو چاہتا ہے مگر بظاہر انکار ہے۔

جی کو جی سے ملاپ ہے۔ دل کو دل سے راہ ہے۔

جی کو کھولنا۔ خواہش کا اظہار کرنا، دل کی بات کہنا، بھڑاس نکالنا، بے دھڑک ہونا، بے باک ہونا۔

جی کو نہ بھانا۔ اچھا نہ لگنا، پسند نہ آنا۔

جی کھلنا۔ دل خوش ہونا۔

جی کھولنا۔ خوش ہونا، بھڑاس نکالنا۔

جی گھبرا جانا۔ فکر مند ہونا، دل کا پریشان ہو جانا۔

جی لوٹ پوٹ ہونا۔ طبیعت کا مائل ہونا، فریفتہ ہونا، رغبت ہونا۔

جی میں آنا۔ خیال آنا، خواہش ہونا۔

جی میں کانٹا لگنا۔ دلی تکلیف ہونا۔

جی میں گڑ جانا۔ دل پر اثر کرنا، دل میں چبھ جانا۔

جی نہ لگنا۔ کسی کام میں دل نہ لگنا، مغموم ہونا، کچھ اچھا نہ معلوم ہونا۔

جی نتھوں (نتھنوں) میں آنا۔ ناک میں دم آنا، بہت تنگ ہونا۔

جی ہاتھ میں نہ ہونا۔ دل بے قرار ہونا، دل قابو میں نہ ہونا۔

جی ہی جی میں۔ دل ہی دل میں، من ہی من میں۔

جے پال۔ ایک ہندو بھگت کا نام، زمین کا دیوتا، زندگی کا دیوتا۔

جیو۔ جان، دل، من۔

جھ

جھاڑ۔ فانوس، روشنی کا آرائشی آلہ۔

جھاڑ جھنکاڑ۔ خار دار درخت اور جھاڑیاں، کانٹوں دار گھنے درخت۔

جھانٹا۔ بکھیڑا، اٹنا۔

جھٹ پٹ۔ فوراً، جلدی سے۔

جھٹ سے۔ یکا یک، ایک دم۔

جھروکا۔ دریچہ، کھڑکی، سیرگاہ، منظر۔

جھگڑا جھانٹا لگنا۔ الجھن میں پڑنا، پریشانی میں مبتلا ہونا۔

جھم جھماہٹ۔ چمک دمک، جگمگاہٹ، روشنی۔

جھنجھنانا۔ بجانا، سنسنانا۔

جھنکاڑ۔ سوکھا درخت، بے پتوں کا پیڑ۔

جھوٹ سچ بولنا۔ ایسی بات کہنا جس میں کچھ جھوٹ ہو اور کچھ سچ۔

جھوکا کھانا۔ ڈگمگانا، اپنی جگہ سے ذرا سا ہٹ جانا۔

جھولنا۔ پریشانی میں مبتلا رہنا، لٹکنا، اٹکنا۔

جھولی بھر بھر۔ بہت سارا، ڈھیروں۔

جھینکنا جھینکنا۔ اپنی غلطی سے جو مصیبت آئی ہو اس کو مجبوراً برداشت کرنا یا بیان کرنا، رونا دھونا، افسوس کرنا۔

چ

چال ڈھال۔ طور طریقہ، انداز رفتار، حسنِ ادا۔

چاؤ۔ ارمان، حسرت۔

چاؤ چوچلے۔ ارمان، لاڈ پیار، ناز نخرہ۔

چپ چاپ۔ خفیہ طور پر، چپکے چپکے، تنہا، خاموشی کے ساتھ۔

چپ چپاتے۔ آہستہ سے، خاموشی کے ساتھ۔

چپکنا۔ گلے منڈھنا، شادی کرنا، حوالے کرنا۔

چت چاہا۔ دل پسند، من بھاونا۔

چت چاہی۔ خواہش کے مطابق، من چاہی۔

چت چاہی آس۔ من چاہی مراد۔

چٹ۔ نشان، دھبا۔

چٹ لگ جانا۔ بدنام ہو جانا، ٹیکا لگ جانا، بدنامی ہونا، داغ لگنا۔

چٹکی۔ کسی پسی ہوئی چیز یا سفوف کی معمولی مقدار، (مراد) ایسی بات یا حرکت جو کسی کے دل پہ اثر کرے۔

چٹکی لینا۔ طعنہ مارنا، طنز کرنا، چبھتی ہوئی بات کہنا۔

چچا۔ طاقتور، زور آور، کسی برائی میں نسبتاً بڑھا ہوا۔

چچیرا۔ چچازاد، چچا کے تعلق سے۔

چچیرا بھائی۔ چچازاد بھائی۔

چڑانا۔ چرانا، جگانا۔

چڑھ آنا۔ حملہ کرنا، چڑھائی کرنا۔

چڑھانا۔ نذر کرنا، پیش کرنا۔

چڑھاوا۔ بری کا سامان، ساچق کا سامان۔

چڑھاوا چڑھانا۔ منگنی یا شادی کا زیور دلہن کو دیا جانا، بری دینا۔

چڑھاؤ۔ بلندی، بلند راستہ، چڑھائی۔

چڑھاؤ اتار۔ چڑھائی اور ڈھلان، نشیب و فراز۔

چڑھنا، جانا۔ سوار ہو کر جانا، دھوم دھام سے جانا۔

چکی۔ چکر، گردش، گھماؤ۔

چکی سی لگ جانا۔ چکر بندھنا، اس طرح گھومنا کہ دائرہ بن جائے۔

چکی میں دلوانا۔ موت کے گھاٹ اتارنا، سزائے موت دینا، سخت سزا دینا۔

چگنا۔ چرنا، جانوروں کا ادھر اُدھر اپنا آذوقہ تلاش کرکے

کھانا۔

چلبلی/ چلبلا۔ زندہ دل، بے چین، شریر۔

چل نکلنا۔ جانا، روانہ ہو جانا، آپے سے باہر ہو جانا، گستاخ ہو جانا۔

چملی/چنبیلی۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کو چھڑانے سے چنبیلی کے پھول سے مشابہ سفید رنگ کے آگ کے پھول جھڑتے ہیں۔

چندر۔ چاند، ماہتاب۔

چندر بھون۔ راجاؤں یا امراء کے محلوں کے اس فرحت بخش حصہ کا نام جہاں چاند کی روشنی سے پوری طرح لطف اٹھایا جا سکے۔

چندن۔ صندل۔

چنڈول۔ پالکی، ڈولی، ایک زنانہ سواری جسے کہار اٹھاتے ہیں۔

چنگھاڑ پڑ جانا۔ شور و غل پڑنا، ہنگامہ برپا ہونا، چیخ و پکار مچنا۔

چنگھاڑ مارنا۔ نعرہ لگانا، گرج دار آواز نکالنا۔

چنگھاڑنا۔ زور سے چیخنا، بآواز بلند پکارنا۔

چوتکا/ چوتک۔ چار قافیوں والا، چوبولا۔

چوٹ۔ جوڑا، مقابل، (مجازاً) ملاپ۔

چوچ/ چوچلا/ چونچلا۔ ناز نخرہ، لاڈ پیار۔

چودھویں رات۔ چاند کی وہ شب جس میں چاند پورا ہوتا ہے۔

چوکڑی بھول جانا۔ تیزی جاتی رہنا، گھبرا جانا، ہوش نہ رہنا، گھبرا جانا۔

چوگنی پچگنی ہونا۔ چار پانچ گنا ہونا، بہت زیادہ ہونا۔

چولھے اور بھاڑ میں جائے۔ آگ لگے، اجڑ جائے، تباہ ہو جائے، برباد ہو جائے۔

چولھے میں ڈالنا۔ آگ لگانا، خاک میں ملانا۔

چونڈا۔ عورتوں کے سر کے بال جن کو یکجا کر کے عورتیں اپنے سر پر باندھ لیتی ہیں۔

چونڈا اہلانا۔ پریشان ہونا، بال بکھیرنا۔

چہچہا/ چہچہی۔ نہایت شوخ اور سرخ۔

چہل۔ ہنسی، زندہ دلی، خوش مذاقی، مسخراپن۔

چیر گھاٹ۔ دریائے جمنا کا وہ گھاٹ جہاں سری کرشن نے جمنا میں نہاتی ہوئی گوپیوں کے کپڑے چپکے چپکے اٹھائے تھے۔

چھ

چھاتی سے لگانا۔ گلے سے لگانا، دلاسا دینا۔

چھاتی کے کواڑ کھل جانا۔ سینہ چاک ہو جانا، بے تحاشہ چیخ پڑنا، زور کی آواز نکالنا۔

چھا جانا۔ کیفیت طاری ہونا، گونجنا، غالب آ جانا۔

چھاڑنا/ چھانڑنا۔ چھوڑنا، ترک کر دینا، تجنا۔

چھالا۔ پوست، کھال، سوکھی کھال۔

چھانہ/ چھانہہ۔ چھاؤں، سایہ، پرتو، عکس۔

چھانا۔ غلبہ کرنا، گھر بنا لینا، پھیلنا۔

چھانہ (چھانہہ) یا چھاؤں دینا۔ مثل ہونا، مشابہت ہونا، آمیزش ہونا۔

چھپاؤ۔ پوشیدگی، پردہ، حجاب۔

چھپ جانا۔ غروب ہو جانا۔

چھپر کھٹ۔ پردے دار مسہری، چھت گیری والا پلنگ۔

چھت باندھنا۔ قطار لگانا، صف بستہ ہونا، سائبان بنانا۔

چھتا۔ چھتنار، چھتراؤ، گتھاؤ۔

چھتیس راگنیاں۔ فن موسیقی کے مطابق چھ راگوں کی چھ چھ بیویاں ہیں، جنھیں راگنی کہا جاتا ہے، اس طرح کل چھتیس راگنیاں ہیں۔

چھٹ۔ علاوہ، سوا، بجز، چھوڑ کر۔

چھیڑنا۔ بجانا، شروع کرنا (دھن یا راگ کا)۔

چھینٹا۔ وہ پانی جو چلّو میں بھر کر کسی کو ماریں۔

چھینٹا دینا۔ چلّو میں پانی بھر کر کسی پر مارنا۔

د

داتا۔ خدا، رزاق، آقا، مالک۔

دان دینا۔ عطا کرنا، بخشنا۔

دُبلا۔ فکر مند، مغموم، سوچ میں مبتلا۔

دکھتا/دکھتی۔ تڑپا دینے والا، دکھ والا، رنج دہ، تکلیف دہ۔

دکھڑا۔ رنج، فکر، غم۔

دل بادل۔ بادلوں کی کثرت، جھنڈ، گہری گھٹا۔

دل بادل چھانا۔ گھنگور گھٹا چھانا۔

دن پھرنا۔ اچھے دن آنا، نصیب پھرنا، نصیبا جاگنا۔

دنتری۔ دانت، دانت کی تصغیر۔

دندنانا۔ خوشی منانا، عیش کرنا، مزے اڑانا۔

دن رات۔ روز و شب، آٹھوں پہر، ہر لحہ، ہر وقت۔

دوارکا۔ گجرات (بھارت) کا ایک قدیم شہر۔

دوب۔ نرم اور عمدہ گھاس۔

دوڑے آنا۔ فوراً آنا، بہت جلد آنا۔

دوہا۔ بیت، شعر۔

دیپک۔ ایک راگ کا نام۔

دیپک داس۔ دیپک کا خادم۔

دیکھتوں/دیکھتا۔ ناظرین، ناظر، (مراد) تماشائی۔

دیکھنا بھالنا۔ گہری نظر رکھنا، غور سے دیکھنا، نگرانی کرنا۔

دیکھنا دکھنا۔ نظارہ کرنا، سیر کرنا، تماشا دیکھنا۔

دھ

دھاری۔ اختیار کرنے والا، رکھنے والا۔

دھام۔ ۱۔ گھر، مکان، جگہ۔ ۲۔ ایک قسم کا لمبا سانپ جو گائے بھینسوں کو چمٹ کر ان کا دودھ پی جاتا ہے۔

دھرنا۔ اختیار کرنا۔

دھڑکا۔ خوف، ڈر، اندیشہ۔

دُھن۔ اشتیاق، لَو، لگن۔

دُھن پر اڑنا۔ کسی بات کے پیچھے پڑ جانا۔

دھن بھاگ۔ خوش نصیبی، خوش وقتی، خوبیِ قسمت۔

دھن مہاراج۔ کلمۂ آفرین و تحسین۔

دھنا، داہنا۔ سیدھا، راست، دایاں۔

دھنک۔ پتلا گوٹا، پتلا لیس۔

دھندلکا/دھوندلکا۔ منہ اندھیرا، نور کا تڑکا، علی الصباح، جب کچھ تاریکی باقی ہو۔

دھوت۔ چاندی، روپا۔

دھوم دھام۔ شان و شوکت، طمطراق۔

دھوم دھڑکا۔ تزک واحتشام، طمطراق۔

دھوم مچانا۔ چھیڑنا، ہنسی مذاق کرنا، دل لگی کرنا۔

دھیان چڑھنا۔ توجہ کرنا، غور کرنا، فکر کرنا، نظر آنا، دکھائی پڑنا۔

دھیان کا گھوڑا۔ تصور، خیال۔

دھیان کرنا۔ خیال کرنا، غور کرنا، سوچنا۔

دھیان گیان۔ پوجا پاٹھ، عبادت، بندگی، یاد الٰہی، مراقبہ۔

دھیان میں رہنا۔ یاد کرنا، لو لگانا۔

دھیان نہ چڑھنا۔ توجہ نہ دینا، خاطر میں نہ لانا، متوجہ نہ ہونا۔

ڈ

ڈار۔ جانوروں کا جھنڈ، ہرنوں کی قطار، ریوڑ، غول۔

ڈال رکھنا۔ رکھ چھوڑنا، روک رکھنا، بچا کے رکھنا، محفوظ کر لینا۔

ڈانک دینا۔ جڑاؤ چیز کے تھیوے میں ڈانک کا نگینے کے نیچے رکھنا۔

ڈانگ۔ ۱۔ پہاڑ کی اونچی چوٹی، سب سے اونچی پہاڑی، (کنایۃً) بہت بوڑھا۔ ۲۔ وہ رنگیلا پتا جو چمک کے لیے استعمال کیا جائے۔ ۳۔ پہاڑ۔

ڈبڈبانا۔ آنسو بھر جانا۔

ڈبرا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ، (مراد) جھیل، جوہڑ، پانی کا گڑھا۔

ڈنڈ۔ بازو، کہنی سے شانہ تک کا حصہ۔

ڈنڈوت۔ آداب، تسلیم، بندگی۔

ڈنڈوت کرنا۔ آداب بجالانا، ماتھا ٹیکنا۔

ڈوبا رہنا۔ عالم محویت میں رہنا۔

ڈوبا ہوا ابھرنا۔ بگڑی ہوئی حالت کا سنبھلنا۔

ڈول۔ ۱۔ طور، طریقہ، ڈھنگ۔ ۲۔ وضع، کیفیت، ساخت۔ ۳۔ ریت، رسم، رواج، دستور۔ ۴۔ طرح، طریقہ، تدبیر۔ ۵۔ بنیاد، جڑ، سبب، علت۔

ڈول ڈال۔ جڑ، بنیاد، خاکہ، وجہ، طور طریقہ۔

ڈول رہنا۔ انداز ہونا، شکل ہونا، صورت ہونا۔

ڈول کرنا۔ جرأت کرنا، ہمت کرنا، اہتمام کرنا، طریقہ اختیار کرنا۔

ڈومنی۔ مغنیہ، گانے بجانے والی۔

ڈہاڈی/ڈھاڈی۔ چیخنے والا، رجز گانے والا۔

ڈہڈہا۔ تروتازہ، نہایت سرخ، خوش رنگ۔

ڈیرا۔ عارضی قیام گاہ۔

ڈھ

ڈھال تلوار۔ ہتھیار، اسلحہ، سامان جنگ۔

ڈھب۔ طریقہ، طرح، تدبیر، ترکیب، ڈھنگ، ذریعہ۔

ڈھب سے۔ کسی طور، ڈھنگ کے ساتھ۔

ڈھپنا۔ ڈھکنا۔

ڈھل ڈھل پڑنا۔ چکر کاٹنا، لڑھکنا، بن بن کر گرنا۔

ڈھلنا۔ تلاش کرنا، پتا لگانا، مائل ہونا، متوجہ ہونا۔

ر

راتا/رتا۔ ایک قسم کا سرخ یا قرمزی رنگ کا عمدہ کپڑا۔

راج۔ حکومت، سلطنت۔

راج پاٹ۔ بادشاہت، حکومت، سلطنت۔

راج پر بیٹھنا۔ تخت نشین ہونا، حکومت سنبھالنا۔

راج کرنا۔ عیش کرنا، بادشاہی کرنا، حکومت سنبھالنا۔

راج گدی پر بیٹھنا۔ تخت نشین ہونا، شاہی تخت پر جلوہ افروز ہونا۔

رادھا۔ سری کرشن چندر جی کی ایک بہت ہی پیاری گوپی کا نام تھا۔

راگ۔ گیت، نغمہ، وہ آواز جو کئی سُروں سے مرکب ہو کر نکلے اور خاص نغمگی پیدا کرے۔

راگنی۔ راگ کے ہر ایک شعبہ کا نام، موسیقی کی اصطلاح میں کسی راگ کی بیوی۔

رام۔ اجودھیا کے راجہ دشرتھ کے بڑے بیٹے اور وشنو بھگوان کے دسویں اہم مظہر کا نام۔

رام جنی۔ کسبی، طوائف، رنڈی، لاوارث عورت جو طوائف کا پیشہ اختیار کر لے، ہندو پیشہ ور کسبی۔

رام سندر۔ ایک قسم کی خوبصورت اور عمدہ ناؤ یا کشتی۔

راؤ چاؤ۔ خوشی، دل لگی، خوش ادائی، ناز غمزہ۔

راون۔ لنکا کے مشہور راجا اور راکھشوں یعنی شیاطین کے سردار کا نام۔

رائی کھپر بت کرنا۔ معمولی بات کو اہمیت دینا، مبالغہ سے کام لینا، ذرا سی بات کا بتنگڑ بنانا۔

رتی۔ ماشہ کا آٹھواں حصہ۔

رتھ۔ قدیم زمانہ کی ایک قسم کی بُرجی دار چار یا دو پہیوں کی عمدہ سواری جسے بیل یا گھوڑے کھینچتے تھے۔

رُچ۔ بھوک، خواہش، چاہ، اشتہا، رغبت۔

رچاوٹ۔ رنگت کی شوخی، مہندی سے رنگین ہونے کی عمدہ کیفیت، طمطراق، تزک و احتشام۔

رُچنا۔ پسند آنا، بھانا، اچھا لگنا، بھلا لگنا۔

رس۔ عشق، محبت، پریت، پیار، مزہ، لطف، کیف، مستی۔

رس (راس) دھاری۔ سانگی، کھیل تماشا کرنے والا، کرشن اور گوپیوں کا سانگ بھرنے والا۔

رس دھام۔ عشرت گاہ، عیش محل، عشرت کدہ۔

رس کا ٹپکنا۔ جوش جوانی کا ظاہر ہونا، خوبصورتی کا اثر انداز ہونا۔

رس کر لینا۔ سوانگ بھرنا، (مراد) ناز و انداز دکھانا۔

رکھائی۔ بے توجہی، بے رخی، بے اعتنائی، بے مروتی، بداخلاقی، روکھاپن۔

رکھائی (رکھائیاں) دینا۔ بے مروتی کرنا، بے رخی سے پیش آنا، کج ادائیاں کرنا، کنارہ کش ہونا، بے التفاتی کرنا۔

رکھ لینا۔ پناہ دینا، محافظت کرنا۔

رُندھاہٹ۔ گھناپن، گنجانیت۔

رُندھا ہوا۔ غم زدہ، رنجیدہ، اداس، غمگین۔

رنڈی۔ عورت، استری۔

روپ۔ ۱۔ بھیس، شکل، صورت۔ ۲۔ وضع، طرح۔ ۳۔ مثل، مانند۔ ۴۔ عالم، حالت، حال، کیفیت۔ ۵۔ اصلی حالت۔ ۶۔ لاابالی پن۔ ۷۔ ڈھنگ،

طریقہ، ترکیب، تدبیر، انداز، طرز۔

روپا۔ چاندی، سیم، نقرہ۔

روپ پکڑنا۔ شکل اختیار کرنا، صورت بدلنا، بھیس بنانا، اصلی حالت پر آنا، انداز اختیار کرنا، طرز اپنانا۔

روپ دکھانا۔ کرتب دکھانا، کرشمہ دکھانا۔

روپ دھرنا۔ وضع اختیار کرنا، صورت بنانا، سج دھج بنانا، بھیس بھرنا۔

روپہرا۔ نقرئی، چاندی کا بنا ہوا۔

روپہلا سنہرا۔ سرخ و سفید، گنگا جمنی۔

روٹھنا۔ خفا ہونا، ناراض ہونا۔

روک ٹوک۔ پوچھ گچھ، ممانعت، بندش، مناہی۔

روکاوٹ/رکاوٹ۔ تاخیر، روک، کشیدگی، بندش، دیر۔

رونداہٹ/روندھاہٹ۔ روہانسا پن، غمگینی، سنجیدگی۔

روندھا ہوا۔ رنجیدہ، روہانسا، غمگین۔

رونگٹا۔ رواں، وہ باریک بال جو مسامات میں ہوتے ہیں۔

رہا۔ باقی بچا۔

رہ جانا۔ باقی رہنا، بچ رہنا۔

رہس۔ کرشن لیلا، ایک قسم کا رقص جسے گوپیاں کرشن جی کے گرد حلقہ باندھ کر کرتی تھیں۔

رہنا سہنا۔ گزر بسر کرنا، زندگی گزارنا۔

ریت۔ رسم، رواج، دستور، طور طریقہ۔

ریت بھات۔ شادی بیاہ کی ایک رسم جس میں دلہن کے مائکے سے مونگ، چاول، گڑ، پوشاک وغیرہ دولہا کے گھر بھیجے جاتے ہیں۔

ریل پیل کرنا۔ دھکا دینا، ڈھکیلنا، ٹھیلنا۔

ریندھنا۔ کھانا تیار کرنا، پکانا، ابالنا۔

س

ساتھ دینا۔ امداد کرنا، رفاقت کرنا، رنج و غم میں شریک ہونا۔

سادھو بلاس۔ سادھوؤں کے آرام کرنے کی جگہ، مہمان خانہ، خانقاہ۔

سارنگ۔ دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام۔

سارنگی۔ ایک قسم کا لکڑی کا بنا ہوا مشہور باجا۔

سارے کا سارا۔ تمام، سب، کُل۔

سامنے/سامھنے آنا۔ پیش آنا، بدلہ ملنا، واقع ہونا، جلوہ افروز ہونا، دکھائی پڑنا، نظر آنا۔

سانگ/سوانگ۔ روپ، نقل، بھیس، کھیل۔

سانگ آنا۔ تماشا ہونا، روپ دھارا جانا۔

سانگ بنانا۔ روپ بھرنا، نقل کرنا، بھیس بدل کر کوئی تماشا کرنا۔

ساون گانا۔ ہنڈولے گانا، ساونی گانا۔

سائیں سائیں بولنا۔ وحشت یا ویرانی برسنا، سناٹا بھرنا۔

سب کے سب۔ ہر ایک، سبھی، سب ہی۔

سبھ (شبھ) مہورت۔ مبارک گھڑی، اچھی گھڑی، نیک ساعت۔

سُپاری۔ سپاری یا چھالیا سے مشابہ ایک قسم کی آتش بازی۔

ستانا۔ پریشان کرنا، تکلیف دینا، مدد مانگنا، رائے لینا۔

سگن۔ نیک شگون، اچھی فال، نیک انجام، اچھا معاوضہ۔

سُچا۔اصلی، خالص، کھرا، بے کھوٹ۔

سچکنا۔ہچکچانا، گھبرانا۔

سچ مچ۔بے شک، واقعی، فی الحقیقت۔

سچوئی۔سچائی، صداقت۔

سدا سہاگن۔ وہ عورت جس کا خاوند ہمیشہ اس کے ساتھ رہے سہے۔

سدا سہاگن بنا رہنا۔ ہمیشہ دلہن کی سی سج دھج بنائے رکھنا۔

سِدھ۔یاد، خبر، آگاہی، علم۔

سُدھ۔ہوش۔

سدھارنا۔روانہ ہونا، جانا، رخصت ہونا۔

سُدھ رکھنا۔یاد رکھنا، دھیان رکھنا، بھول نہ جانا۔

سُدھ (شُدھ) کلیان۔کلیان ایک راگ کا نام ہے جسے سری راگ کا ساتواں بیٹا مانا جاتا ہے۔

سُدھ نہ رہنا۔ہوش نہ رہنا، خبر نہ رہنا۔

سر اٹھائے (اوٹھائے)۔ بے خوف و خطر، بے دھڑک، سیدھے، بے اندیشہ، بلا جھجک۔

سراہنا۔تعریف کرنا، گن گانا۔

سُرت۔دھیان، خیال، یاد، سوچ۔

سرت لگنا۔یاد رہنا، دھیان رہنا۔

سر جھکانا۔سجدہ کرنا، عاجزی اور انکساری کے ساتھ سر خم کرنا۔

سر چپک دینا۔زبردستی کسی کے ذمے ڈالنا۔

سرچوٹ۔نہایت بار خاطر، موجب غضب و غصہ۔

سردھرا (سردھری)۔سرتاج، سردار، بلند رتبہ۔

سردھننا۔افسوس کرنا، پچھتانا، حال بے حال ہونا۔

سر رہتا رہے جاتا جائے۔ جان بچے یا جائے، سر قلم ہو یا سلامت رہے۔

سرتی (سرسوتی)۔ ہندوؤں کی ایک دیوی کا نام ہے جو جملہ علوم و فنون کی موجد خیال کی جاتی ہے۔

سر سے پاؤں تلک۔ایڑی سے چوٹی تک۔

سر سے چپک دینا۔حوالے کرنا، شادی کرنا، بیاہ کرنا۔

سر منڈاتے ہی اولے پڑے۔اول ہی کام بگڑا، کام کے شروع کرتے ہی نقصان یا خرابی واقع ہوئی۔

سر نہوڑانا۔شرم کرنا، شرمانا۔

سر ہلانا۔سر کو حرکت دینا، (مراد) ہاں! دیکھیں کہ کیسے بجالاتے ہو۔

سر ہونا۔ذمے ہونا۔

سسکی۔سسکاری، سی کی آواز۔

سسکی لینا۔آہ سرد بھرنا۔

سکت۔قوت، طاقت، جرأت، آگہی، استعداد۔

سکت گرو۔شکتی دیوتا۔

سکھپال۔آرام پالکی، امیر عورتوں کی سواری۔

سکھ چین کا گھر۔محل، ایوان، آرام گاہ۔

سگھڑ۔خوش سلیقہ، عالی طبع، ذی شعور۔

سلجھانا۔حل کرنا، تصریح کرنا۔

سمانا۔ٹھیک آنا، رچنا، بسنا۔

سماوٹ۔کھپت، بھرت، جاذبیت، بھرپور پن۔

سٹ آنا۔ جمع ہو جانا، قریب قریب آ جانا۔

سمدھن۔ دولھا اور دلہن کی مائیں، بیٹا یا بیٹی کی ساس۔

سمھال۔ روک تھام، بچاؤ۔

سمیت۔ ساتھ، بہ شمول۔

سمیٹنا۔ سنبھالنا، فکر کرنا، انجام کو پہنچانا۔

سمیں/سمے/سما۔ وقت، رُت، فصل، دور۔

سناٹا۔ زوردار آواز، خوفناک آواز۔

سنگاسن/سنگھاسن۔ تخت شاہی، راج گدی، شادی کی چوکی۔

سنگاسن پر بٹھانا۔ تخت نشین کرنا، راجا بنانا، بادشاہت سپرد کرنا۔

سنگاسن پر بیٹھنا۔ تخت نشین ہونا، راج گدی پر بیٹھنا۔

سنگھار (سنگار)۔ بناؤ سجاؤ، آرائش۔

سنگوٹی۔ وہ طلائی، نقرئی یا پیتل کا خول جو خوبصورتی کے لیے جانوروں کے سینگوں پر چڑھایا جاتا ہے۔

سنکھ (سرکھ)۔ روبرو، آمنے سامنے، مقابل۔

سنمکھ ہونا۔ متوجہ ہونا، سامنے آنا۔

سو باتیں کہنا۔ کھری کھوٹی سنانا، لگی لپٹی نہ رکھنا۔

سوت۔ (پانی یا روشنی) پھوٹنے کی جگہ، (کنایۃً) چشمہ۔

سوجھنا۔ ذہن میں آنا، سمجھ میں آنا۔

سوچکنا۔ سوچ بچار کرنا، جھجکنا، ہچکچانا۔

سوچھانا/سجھانا۔ بتانا، ظاہر کرنا۔

سوچ میں ڈوبنا۔ فکر کرنا، غور کرنا، سوچنا۔

سو سو روپ سے۔ ہر طرح سے، تمام کوشش سے۔

سولہ سنگھار (سنگار)۔ زیب و زینت، عورتوں کا بناؤ سنگار۔

سون کھینچنا۔ سانس روکنا، چپ سادھنا، خاموشی اختیار کرنا۔

سونا مکھی۔ ایک قسم کی خوبصورت کشتی یا ناؤ جس کا اگلا حصہ طلائی ہوتا ہے۔

سونپنا۔ سپرد کرنا، دینا، عطا کرنا، حوالے کرنا۔

سونے روپے کا مینہ برسانا۔ دولت لٹانا، خوب خرچ کرنا۔

سونے کا پانی۔ وہ پانی جس میں سونا گلایا گیا ہو۔

سونے کے پانی سے لکھنا۔ (کنایۃً) اہم قرار دینا، نمایاں کرنا۔

سوہا۔ سرخ۔

سُوہرٹ/سورٹھ۔ ایک راگ کا نام جسے ہنڈول راگ کا بیٹا تسلیم کیا گیا ہے۔

سوہلا (سولھا)۔ ماتا دیوی کے تعریف کے گیت، خوشی یا شادی کا گانا۔

سوہلا (سوہا)۔ نرالی اور دلچسپ خبر یا بات۔

سوہنی۔ ایک راگنی کا نام، خوبصورت۔

سُوہی (سوہے)۔ سرخ، لال۔

سہاگ۔ لاڈ پیار، خوش نصیبی۔

سہاگن۔ خاوند والی، شوہر دار، (کنایۃً) دلہن، بنی سنوری۔

سہانا پن۔ خوبصورتی، حسن، سندر پن۔

سہانی، سہانا۔ عمدہ، خوبصورت۔

سہیلا۔ منظر، نقشہ، عالم، احوال، حال۔

سے۔ سو۔

سی۔ جیسی، مانند۔

سیام سندر۔ ایک قسم کی عمدہ ناؤ یا کشتی جو شیام سندر نامی درخت کی لکڑی سے تیار کی جاتی ہے۔

سیتا۔ متھلا کے راجا دھوج جنک کی دختر کا نام جو سری رام چندر کی زوجہ تھی۔

سِتی پروتی۔ سلائی کڑھائی میں ماہر، سینے پرونے والی۔

سِلی۔ ریشم کے دھاگوں کی لڑی، جو جوگی اپنے گلے میں ڈالتے ہیں۔

سِلی تاگی۔ سوت کی سیاہ ڈوری، جو جوگی گلے میں ڈالتے ہیں۔

سیوا۔ خدمت۔

سیوا کنج۔ کرشن جی کی محبوبہ رادھا کے گھر کا نام جو برسانا میں واقع تھا۔

ک

کالنگڑا (کانگڑا)۔ ایک راگنی کا نام جو رات کے تیسرے پہر میں گائی جاتی ہے۔

کالی آندھی۔ وہ طوفانِ باد جس کی گرد کے سبب اندھیرا چھا جائے۔

کام۔ خواہش، مرضی۔

کام دھین گائے۔ دان یا خیرات کے لیے بنائی ہوئی طلائی گائے۔

کامریا۔ کملی، چھوٹا کمبل۔

کان پکڑنا۔ استاد تسلیم کرنا، عاجزی ظاہر کرنا، قائل ہونا، توبہ کرنا۔

کانٹا لگنا۔ صدمہ پہنچنا، رنج ہونا۔

کان رکھنا۔ دھیان دینا، غور کرنا، متوجہ ہونا، دل لگا کر سننا۔

کان مروڑنا۔ ہدایت کرنا، تاکید کرنا، تنبیہ کرنا۔

کانہڑا۔ ایک راگ کا نام جو میگھ راگ کا پسر تسلیم کیا جاتا ہے۔

کُبجا۔ سری کرشن کے ماما اور جانی دشمن کنس کی ملازمہ۔

کپڑا لتا۔ کپڑا، پارچہ۔

کٹ تال۔ ایک ساز جو چھوٹی مچھلیوں کے مانند لکڑی یا پتھر کے چار ٹکڑوں سے بنایا جاتا ہے۔

کٹ کرنا۔ چھوڑنا، ترک کرنا، دوستی ختم کرنا۔

کچی چاندی۔ کھری چاندی، اصلی چاندی۔

کچھ۔ کچھپ وشنو بھگوان کے چوبیس مظاہر میں سے ایک مظہر ہے۔

کچھ بڑی بات نہیں۔ بہت آسان کام، سہل کام، کوئی مشکل کام نہیں۔

کچھار۔ دریا کا کنارہ، کھولا، وہ ترائی جہاں شیر رہتا ہے۔

کچھ چلنا۔ بات مانی جانا، زور ہونا۔

کچھ دال میں کالا ہے۔ کوئی سبب ضرور ہے، کوئی راز ہے، کچھ نہ کچھ عیب ضرور ہے، کوئی معاملہ ہے، کوئی شبہ والی بات ہے۔

کچھ دیکھا نہیں۔ تجربہ نہیں، ناتجربہ کار، بھلے برے کی تمیز نہیں۔

کچھ کچھ۔ ۱۔ کسی قدر، تھوڑا سا۔ ۲۔ کوئی وظیفہ، کوئی دعا۔

کچھنا۔ کسنا۔

کچھ نہ چلنا۔ قابو نہ پانا، بس نہ چلنا۔

کچھ نہ سمجھنا۔ خیال نہ کرنا، خاطر میں نہ لانا۔

کچھو۔ دھوتی، جانگیا، گھٹنا۔

کھچاوٹ۔ کھچاؤ، کشیدگی، کشش، خوبصورتی۔

کدار (کدارا)۔ دیپک راگ کی ایک راگنی کا نام۔

کدارناتھ۔ کوہ ہمالیہ کی ایک پہاڑی کا نام۔

کدام۔ ایک قسم کی آتش بازی جس کو چھڑانے پر آگ کے خوبصورت پھول نکلتے ہیں۔

کر۔ طور سے، کر کے۔

کراہنا۔ ہائے ہائے کرنا، درد یا دکھ کے سبب آہ آہ کرنا۔

کر بتانا۔ عمل کر کے دکھانا، عملی جامہ پہنانا۔

کرتب۔ کمال، ہنر، فن۔

کرتوت۔ کام، فعل، کیا دھرا، جادو ٹونا۔

کرچھال۔ چھلانگ، زقند، اچھل کود۔

کرچھالیں مارنا۔ چھلانگیں مارنا، اچھل کود کرنا، زقندیں بھرنا۔

کر دکھانا۔ عمل میں لانا، سرزد کرنا، بہم پہنچانا۔

کر ڈالنا۔ بنانا، روپ دینا، شکل دینا۔

کرن۔ سنہری یا روپہلی گوٹے کے تار۔

کریل۔ ایک قسم کی خاردار جھاڑی۔

کڑا۔ دست برنجن، خلخال، پابرنجن۔

کڑوا کسیلا ہونا۔ تلخ ہونا، بدمزہ ہونا، پریشان ہونا، مصیبت میں پھنسنا۔

کڑی بات۔ ناملائم بات، ناگوار طبع بات، (مراد) چھیڑ چھاڑ کی بات۔

کڑی پڑنا۔ بے عزت ہونا، دشواری پیش آنا، مصیبت میں مبتلا ہونا، آفت آنا۔

کڑی جھیلنا۔ سختی اٹھانا، بے عزت ہونا، بلا میں پھنسنا، دقت پیش آنا۔

کڑے مہرے آنا۔ بے رخی سے پیش آنا، بے توجہی برتنا، بد سلوکی کرنا۔

کڑھنا پچنا۔ رنجیدہ ہونا، ملول ہونا۔

کس کا منہ۔ کس کی زبان، کس کی جرأت، کس کا حوصلہ، کس کی مجال۔

کسم / کسنبھ / کسنب / کسمبھ۔ ایک قسم کا پودا جو چھ فٹ اونچا ہوتا ہے، (مجازاً) سرخ رنگ۔

کشن نواس۔ راجاؤں یا امیروں کے محلوں کے اس حصہ کا نام جہاں سری کرشن کا مندر ہو۔

کل دھوت۔ چاندی، چاندی سونا۔

کل کا پتلا۔ انسان، آدمی، مشینی مورت، چابی دار کھلونا۔

کلیجا (کلیجہ) تھرتھرانا۔ وحشت ہونا، خوف سے دل دھڑکنا، خوف طاری ہونا۔

کلیجا ٹکڑے ہونا / کلیجا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ دل پر صدمہ گزرنا، دل بے تاب ہونا، دل پھٹ جانا۔

کمہار۔ کوزہ گر، (مراد) خالق کائنات۔

کنج / کونج۔ قاز، کلنگ، راج ہنس۔

کنچن۔ سونا، طلا۔

کنچنی۔ بیسوا، رنڈی، کسبی، رقاصہ، طوائف۔

کنوتیاں اٹھانا۔ چوکنا ہونا، ہوشیار ہونا، خطرے کے

احساس سے کان کھڑے ہونا۔

کنور۔ شہزادہ، ملک زادہ، راجا کا بیٹا۔

کنول۔ گلِ نیلوفر۔

کنھیا۔ سری کرشن چندر کا ایک لقب، (کنایۃً) معشوق، محبوب۔

کنھیا بننا۔ آراستہ و پیراستہ ہونا، سج دھج بنانا۔

کود پھاند۔ اچھل کود، پھلانگ، چھلانگ۔

کوس۔ راستہ کی ایک حدِ معین کا نام جس کی مقدار بعض کے نزدیک چار ہزار گز اور بعض کے نزدیک تین ہزار گز ہے۔

کوک پڑنا۔ آواز گونجنا، شور ہونا، چیخ پکار ہونا، چلاہٹ مچنا۔

کون ہو۔ تمہاری حیثیت کیا ہے، تم میں کیا خوبی اور ہنر اور اچھائی ہے۔

کوئی۔ کبھی نہیں، ہرگز نہیں۔

کہاں تک۔ کب تک، تا بہ کے، کسی قدر، کتنا، کس عرصہ تک۔

کہانی۔ قصہ، داستان، کتھا، سرگزشت، حال احوال، ماجرا۔

کہہ سننا۔ گفت و شنید، ذکر و اذکار۔

کہنا سننا۔ ۱۔ اظہار کرنا، دل کی بات بتانا، اظہار عشق کرنا۔ ۲۔ برا سلوک، حکم۔ ۳۔ بات چیت کرنا۔

کہنے اور کرنے سے بڑا پھیر ہے۔ زبانی جمع خرچ اور عملی جامہ پہنانے میں بہت فرق ہے، گفتار و کردار کا یکساں نہ ہونا۔
